مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

نومبر 2017ء

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات

"تبصرہ" کتاب 110 مجرب استخارے

جنات کی روحانی واردات

اوج عطارد

زہرہ تسدیس زحل

آسان مجرب عملیات

فوائد بسم اللہ شریف

لوح حصول مراد و مطلوب

ہندوؤں کا علم اعداد

قیمت 60 روپے فی شمارہ



چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

لوح اوج زحل

قوت طاقت اور روحانیت کا سمندر

29 سال بعد سوئی ہوئی قسمت کو جگانے کا نایاب موقع

آپ کا برج کوئی بھی ہو **لوح اوج زحل** آپ کو یقینی فائدہ دے گی

وہ لوگ جو کہ اپنے آپ کو دنیا کا بدنصیب آدمی سمجھتے ہیں یا جن سے خوشیاں منہ موڑ چکی ہیں یا جو زحل کی نحوست اور ساڑھ ستی سے پریشان ہیں وہ افراد جو کہ بادشاہ سے فقیر بن چکے ہوں۔ مالی تنگی دور کرنے کیلئے، افلاس و پریشانی ختم کرنا، لڑائی جھگڑا ختم کرنا، روحانی ترقی میں اضافہ، امراض روحانی و جسمانی سے نجات، کالا و سفلی جادو، جنات و آسیب تعویزات سے نجات، دشمنوں کے کالے علم کے حملوں سے نجات پانے کیلئے لوح اوج زحل خاص کردار ادا کرتی ہے۔ یہ وقت عام انسان کی زندگی میں ایک یا دو بار آتا ہے۔ اپنی اور اہل خانہ خصوصاً اولاد کی قسمت جگانے کیلئے اور درج بالا پریشانیوں سے نجات پانے کیلئے لوح اوج زحل خاص طور سے تیار کروائیں۔ یہ قیمتی لوح آپ اپنے دوستوں کیلئے تیار کروا کر تحفتاً ارسال کر سکتے ہیں۔ وہ والدین جو کہ اپنی بچیوں کو سسرال میں خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں، لوح اوج زحل تیار کروا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اسی وقت طلسم اوج زحل خاص نگینہ پر تیار کیا جائیگا۔

(**ضروری بات**) تمام الواح ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے دست مبارک سے تیار کی جاتی ہیں اس میں کسی قسم کی مشین یا پریس سے کام نہیں لیا جاتا، درست لوح وہی ہوتی ہے جو کہ صاحب علم خود اپنے ہاتھ سے تیار کرے۔

گزشتہ برس تیار کی جانے والی نگینہ اور لوح اوج زحل حاصل کرنے والے تمام قارئین کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے یہ الواح اور نگینہ جات حاصل کرنے کے بعد زندگی میں سکھ کا سانس لیا ان روحانی تحائف کی برکت سے ان تمام احباب کی زندگی خوشیوں سے بھر گئی ایسے تمام دوستوں کے روزانہ پیغامات موصول ہوتے ہیں جو کہ اب اپنی خوشگوار زندگی گزار رہے ہیں۔ اگر آپ بھی کسی نحوست میں گرفتار ہیں اور اپنی زندگی کو خوشیوں میں بدلنا چاہتے ہیں۔ تو فوری نگینہ یا لوح اوج زحل مکتبہ روحانیات سے منگوا کر اس کے روحانی فیض سے درج بالا پریشانیوں سے نجات پا سکتے ہیں۔

لوح اوج زحل	لوح اوج زحل خاص	لوح اوج زحل بہت خاص
ھدیہ 4200 روپے	ھدیہ 7200 روپے	ھدیہ 9200 روپے

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 13 نومبر 2017ء شمارہ نمبر 5

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل — ڈائریکٹر عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ
زیڈ ڈیٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس)

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)، بابا صدف انبالوی، علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، کامران بخش شہزاد، رضوان حسین شاہ، منظور علی سموں، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس بیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی

لیگل ایڈوائزر
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
تبصرہ 110 مجرب استخارے	3	مجرب اعمال	25
بموقع چہلم، حضرت امام حسینؑ	4	فوائد بسم اللہ شریف	26
جنات کی روحانی واردات	7	لوح حصول مراد و مطلوب	27
سیاروں کے اثرات	10	ہندوؤں کا علم اعداد	28
ستاروں کی چال و وظیفے کا کمال	15	مجرب حاضرات	30
اوج عطارد	16	پھلوں کی افادیت	31
خاتمہ سفری رکاوٹ	17	یہ ماہ کیسا رہیگا.....؟	34
زہرہ تسدیس زحل	18	نتائج حکومتی پرائز بانڈ	40
حاضرات ص	20	روزانہ کے لکی نمبر	41
سعد ستاروں کا ملاپ	21	نومبر کے لکی نمبر	42
دم علیؑ علیؑ	23	آپکی ڈاک	46
آسان مجرب عملیات	24	کوپن	48

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ نمبر شپ 720/- روپے مع ڈاک خرچ

آفس
ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابه جنت اعلیٰ برابر است　　آهسته پابنه که ملك سجده می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کرکے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

صفر، زکات سورۃ مزمل

ماہ رواں میں سورۃ مزمل کی زکات دینا مناسب نہیں سمجھا جاتا کیونکہ حدیث مبارکہ کی رو سے اس ماہ کم و بیش 10 لاکھ بلاؤں کا نزول ہوتا ہے جو کہ کل سال میں نازل ہونے والی بلیات کی تعداد کے برابر ہے۔ اگر دشمن کے جادو کی کاٹ کرنا مقصود ہو تو اس ماہ کا ایک خاص عمل ہے جس میں اول آخر درود شریف اور بسم اللہ الرحم الرحیم نہ پڑھا جائے بلہ ابتداء تعوذ اور تکبیر (بسم اللہ اللہ اکبر) سے کی جائے۔ اس کے بعد سورۃ مزمل 7 بار پڑھیں اور سورۃ الفلق اور سورۃ الناس 313 بار پڑھی جائے۔ نیت زکات 1 سال کی رکھیں تو ایسے شخص پر جادو کے اثرات نہ ہونگے اور کسی بھی قسم کے اثرات بد کا فوری خاتمہ ہوگا۔ روزانہ تعوذ کے ہمراہ متذکرہ بالا تینوں صورتیں روزانہ 1 بار پڑھی جائے یہ عمل صفر کے آخری بدھ قبل از نماز فجر کیا جائے۔

تبصرہ "کتاب 110 مجرب استخارے"

مکتبہ روحانیات پاکستان کی جانب سے استخارہ جات پر شائع ہونے والی دُنیا کی سب سے بڑی کتاب

کسی بھی کام کے آغاز سے قبل استخارہ نہ کرنا بد بختی اور بد نصیبی ہے!

ہر شخص کو زندگی میں مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ ان مسائل سے نجات پانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے ہمیں بہت آسان طریقے سکھائے ہیں مگر انسان اپنی عقلی کمزوری کی بنیاد پر ان آسان ترین طریقہ جات پر توجہ نہیں دے پاتا۔ اپنی کوتاہی کی وجہ سے پریشانیوں اور مصیبتوں میں گھرا رہتا ہے اگر وہ رب باری تعالیٰ کی جانب رجوع کرے تو یقیناً ہر مشکل پریشانی آزمائش اور مصیبت سے با آسانی چھٹکارہ پالے۔ بزرگوں اور علمائے روحانیت نے استخاروں کے ذریعے مشکلات سے نجات پانے کیلئے کئی طریقہ کار وضع فرمائے ہیں اب تک یہ طریقہ کار ایک یا دو جگہ یا مختلف کتابوں یا رسائل میں ایک یا دو مضامین کے طور پر نظر آتے ہیں ادارہ روحانیات کی کاوش رہی کے ہمیشہ قارئین روحانیات کیلئے منفرد پیش کیا جائے۔ اسی کوشش کے سلسلہ میں 110 **مجرب استخارے** کتاب ترتیب دی گئی۔ اس کتاب کے سرورق یعنی ٹائٹل کو انتہائی خوبصورت رنگین انداز میں پیش کیا گیا۔ **ایک گزارش** کے نام سے اندرونی صفحہ پر چند گزارشات پیش کی گئی۔ جن میں استخارہ کی اہمیت پر زور دیا گیا **ترتیب فہرست مضامین** کے بعد **انتساب** میں استخاروں کی اہمیت اور مختلف مواقع پر استخاروں کے ذریعے فیض حاصل کرنا ربارگاہ الٰہی سے مشورہ طلب کرنا شائع کیا گیا ہے۔

☆ **مقدمہ** میں مختلف استخاروں کی اہمیت خواب میں استخاروں کا جواب اور اشارہ جات پر مختصر بات کی گئی۔ پیش کئے گئے کہ کن مواقع پر دعا جلد قبول ہوتی ہے اور استخارے کن ایام میں کئے جاسکتے ہیں۔

☆ **کس دن استخارہ** کریں۔ اس ضمن میں استخارہ کرنے کے ایام مطالق بتایا گیا ہے۔

☆ **اوقات قبولیت، دعائے استخارہ** کریں قرآنی دعاؤں کے ساتھ اور **حدیث مبارکہ برائے دعا استخارہ** شائع کی گئی ہے۔

☆ **دعائے استخارہ** مفصل طور پر بیان کی گئی کیونکہ بیشتر افراد کو دعائے استخارہ درست معلوم نہیں اسی وجہ سے وہ استخارہ کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔

☆ **استخارہ کا طریقہ** اور مدت عمل برائے استخارہ بھی شائع کی گئی ہے۔

☆ ان تمام روحانی معلومات سمیت **کلمات استخارہ ' درود مستغاث ' فراخی رزق** کے مختلف وظائف بھی شامل کئے گئے ہیں۔ استخاروں میں یکسوئی جب تک نہ ہو درست جواب نہ آئیگا۔ بیشتر ارادکو یکسوئی کی مشقیں اور طریقہ جات معلوم نہیں یہی وجہ ہے کہ وہ استخارہ کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ کتاب 110 **مجرب استخارے** میں قرآنی آیات' اسم اعظم سے مکمل طور پر مدد لی گئی ہے۔ غیر مسلم افراد کیلئے بھی اس کتاب میں خاص طور سے چند صفحات شامل کئے گئے ہیں تا کہ وہ بھی ادارہ روحانیات کی اس کوشش سے فائدہ حاصل کر سکیں۔ **استخارہ جات پر اب تک اس سے بڑی کتاب شائع نہیں ہوئی ہے۔** یقین ہے کہ قارئین' شائقین روحانیات' علمائے روحانیات' روحانی معالجین کتاب 110 **مجرب استخارے** سے مکمل طور پر استفادہ حاصل کریں گے۔ اس مہنگے ترین دور میں کتاب کی طباعت پر اخراجات گزشتہ کتابوں سے کئی گنا زیادہ آئیں ہیں۔ بہت محتاط ہو کر کتاب کی **قیمت 500 روپے** رکھی گئی ہے دوسری بڑی وجہ 5 عدد کو نسبت پنجتنؑ پاک سے ہے۔

کتاب مطالعہ کرنے کے بعد قارئین اپنے مشورہ جات سے ضرور نوازیں تاکہ ہماری حوصلہ افزائی ہو سکے۔ ہمیں آپکے مشوروں اور پیغامات کا انتظار رہیگا۔ (ادارہ)

بموقع چہلم

۲۰ صفر بمطابق 10 نومبر 2017ء بروز جمعہ

حضرت امام حسین علیہ السلام

تحریر
سید شبیہہ الحسنین رضوی
کاشانہ الحسینی (کراچی)

کنیت اور لقب : -حضرت امام حسین علیہ السلام تیسرے امام ہیں اور تمام ائمہ کرام کے باپ ہیں-حضرت امام حسین علیہ السلام کی کنیت ابو عبداللہ ہے اور آپ کا لقب شہید اور سید ہے-

ولادت با سعادت : -حضرت امام حسین علیہ السلام بروز سہ شنبہ 4 شعبان المبارک 4 ہجری کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے-حضرت امام حسین علیہ السلام کی مدتِ حمل چھ ماہ تھی-حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام اور آپ کے سوا کوئی بچہ زندہ نہ رہا جس کی مدتِ حمل چھ مہینے ہوئی ہو۔

لفظ "حسین" کی وجہ تسمیہ : -حضرت حسین علیہ السلام حضرت حسن علیہ السلام کی ولادت باسعادت سے علوق فاطمہ تک صرف ایک ماہ بیس یوم کے تھے-حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپؑ کا نام گرامی حسین رکھا-آپؑ حسن و جمال میں کچھ ایسے تھے کہ جب آپؑ اندھیرے میں بیٹھتے تو آپؑ کی پیشانی مبارک سے شعاعیں نکل کر اردگرد کو روشن کر دیتی تھی-آپؑ خواجہ کونین علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سینہ سے پاؤں تک اور امام حسن علیہ السلام سینہ سے سر تک مشابہ تھے-حضور خواجہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

اَلحُسَینَ مِنِّی وَاَنَا مِن الحُسَین

"حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں"

پھر ارشاد فرمایا!"اے اللہ جل شانہ-جو حسین کو دوست رکھتا ہے تو بھی اسے دوست رکھ"

پھر فرمایا!"حسین میرے فرزندوں میں سے ایک فرزند ہے"

جبرائیلؑ کا فرمان : -ایک دن کا ذکر ہے کہ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہ السلام باہم کشتی کرنے لگے تو خواجہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسن علیہ السلام سے فرمایا!"اے حسن، حسین کو پکڑ لو"-

حضرت خاتونِ جنت علیہ السلام نے فرمایا"یارسول اللہ ﷺ! آپ بڑے کو فرماتے ہیں کہ چھوٹے کو پکڑ لو"

حضرت خواجہ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا!"جبرائیل بھی تو حسن کو کہہ رہے ہیں کہ حسین کو پکڑ لو"

مبارک خوشخبری : -حضرت اُم الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے حضرت خواجہ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا"حضور میں نے ایک خواب دیکھا ہے جس سے مجھ پر خوف طاری ہو گیا ہے"

خواجہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!"کیا خواب دیکھا ہے"

اُم الحارث نے کہا"یارسول اللہ! میں نے دیکھا ہے کہ آپ ﷺ کے جسم مبارک سے ایک ٹکڑا کاٹ کر میری گود میں رکھ دیا گیا ہے"

حضور خواجہ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا!"خاتونِ جنت ابھی ایک فرزند لائیں گی جو تیری گود میں ہوگا" اس واقعہ کے حضرت امام عالی مقام امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی۔

غمِ حسین کی کیفیت : -ایک روز کا ذکر ہے کہ حضور خواجہ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت امام حسین علیہ السلام کو اپنے دائیں بازو اور اپنے فرزند حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بائیں بازو پر بٹھائے ہوئے تھے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کو بائیں بازو پر بٹھائے ہوئے تھے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور کہا!

"اللہ تعالیٰ ان دونوں کو آپ کے پاس باہم نہ رہنے دے گا-ان میں سے جسے چاہیں پسند کریں"-

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! ''اگر حسین رخصت ہو جائیں تو ان کے غم میں حضرت خاتون جنت' حضرت علی المرتضیٰ اور میری جان جائے گی اور اگر صرف ابراہیم وصال کر جائیں تو تمام تر غم میری جان پر ہی ہوگا اس لئے میں دوسرے غم کو پسند کرتا ہوں''۔

اس واقعہ کے صرف تین دن بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے وصال فرمایا

پیشانی پر بوسہ دینا : ۔جب کبھی حضرت امام عالی مقام علیہ السلام حضور خواجہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوتے تو آپ ان کی پیشانی پر بوسہ دیتے اور خوش آمدید کہہ کر فرماتے ''اس فرزند پر میں نے اپنے فرزند ابراہیم کی قربانی دی ہے''۔

مقام کربلا کا مشاہدہ فرمانا : ۔حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ ایک شب حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف لے گئے اور کافی دیر کے بعد گھر واپس لائے میں نے آپ ﷺ کے بالوں کو غبار آلود دیکھ کر عرض کیا ''یارسول اللہ! میں آج حضور کو کس حال میں دیکھ رہی ہوں''

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: 'اے سلمہ! آج مجھے ایک ایسی جگہ پر لے جایا گیا جو عراق میں ہے اور جسے کربلا کہا جاتا ہے اور یہی حسین کے شہید ہونے کی جگہ ہے۔ وہاں میں نے اپنی اولاد کا مشاہدہ کیا اور ان کے خون کو زمین سے اٹھا لیا جو میرے ہاتھ میں ہے''۔ پھر آپ ﷺ نے مٹھی کھول کر فرمایا: ''اسے پکڑ لے اور محفوظ کر کے رکھ لے''۔

اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس مٹی کو لے کر دیکھا تو وہ سرخ رنگ کی تھی پھر آپ ﷺ نے اسے بوتل میں رکھ لیا اور پھر اس بوتل کا سرا اچھی طرح باندھ دیا۔ جب حضرت حسین بن علی علیہ السلام نے عراق کا سفر اختیار کیا تو میں ہر روز اس شیشی کو باہر لا کر دیکھتی رہی اس میں مٹی ایسی تھی جس طرح کہ میں نے اسے دسویں محرم کے دن دیکھا تھا تو اس میں خون تازہ ہو چکا تھا۔ میں سمجھ گئی کہ حضرت حسین علیہ السلام جام شہادت نوش فرما چکے ہیں۔ میں نے بہت آہ و زاری کی مگر دشمن کے خوف سے میں گریہ زاری سے رُک گئی۔ جب آپ کی شہادت کی خبر ملی تو وہی دن تھا۔

حضرت امام عالی مقام نے عاشورہ کے دن 41 ہجری کو جام شہادت نوش فرمایا۔ شہادت کے وقت آپ کی عمر ستاون (57) سال تھی۔

حضرت جبرائیلؑ کا شہادت کی خبر دینا : ۔حضرت عائشہ صدیقہ سے مروی ہے کہ ایک روز محبوب خدا علیہ التحیۃ والثناء حضرت جبرائیل امین علیہ السلام کے پاس موجود تھے کہ اچانک حضرت امام عالی مقام علیہ السلام ان کے پاس آ گئے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے دریافت کیا اے اللہ کے محبوب یہ کون ہیں؟

حضور نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا! ''یہ میرا بیٹا حسین ہے''

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ فرما کر حضرت امام عالی مقام علیہ السلام کو اپنی گود میں لے لیا۔

''یہ دیکھ کر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا ''آپ کے بیٹے حسین کو بہت جلد شہید کر دیا جائے گا''۔

آپ ﷺ نے پوچھا ''اے جبرائیل انہیں کون شہید کرے گا''

حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی اُمت شہید کرے گی۔ اگر آپ ارشاد فرمائیں تو آپ کو وہ جگہ بھی بتا دوں جہاں یہ جام شہادت نوش فرمائیں گے''

اس کے بعد حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کربلا کی طرف اشارہ کیا اور کچھ سرخ مٹی پکڑ کر آپ کو دکھائی اور کہا کہ یہ مٹی حسین کے مقتل گاہ کی ہے۔

سر کا ھدیۃ پیش کرنا : ۔حضرت زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب ہم کوفہ کی جانب گئے تو ٹھہرنے کی کوئی ایسی جگہ نہ تھی جہاں حضرت حسین علیہ السلام نے حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کا ذکر نہ کیا ہو۔ ایک دن آپ نے فرمایا کہ دنیا کی ذلت و رسوائی کی دلیل یہ ہے کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام کے سر مبارک کو ایک عورت کے ذریعہ سے بنی اسرائیل کے نابکاروں کو بطور ہدیہ پیش کیا گیا۔

قتل حسین علیہ السلام کا بدلہ : ۔حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا کہ حضور پُرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وحی کی گئی کہ ہم نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کے قتل کے بدلے میں ستر ہزار افراد کو ہلاک کیا اور آپ کے بیٹے حسین کے بدلہ میں اس سے دوگنا افراد کو ہلاک کیا جائے گا یہ قول درست ثابت ہو چکا ہے کہ قاتل امام عالی مقام اور ان کے رفقاء میں سے کوئی ایسا شخص نہ

رہا جو موت سے قتل ذلیل وخوار نہ ہو۔ان سب کو موت کے گھاٹ بُری طرح اتارا گیا اور اکثر بہت برے مصائب میں پھنس کر رہ گئے۔

امام پاک علیہ السلام کے قاتلوں کا انجام :۔ایک معتبر راوی سے مروی ہے کہ جب عبیداللہ بن زیاد اور اس کے رفقاء کے سر کوفہ کی مسجد میں لائے گئے تو انہیں رحبہ میں رکھا گیا۔میں بھی وہاں گیا میں نے لوگوں کی زبان سے ''آ گیا آ گیا'' کے الفاظ سنے۔آخر ایک سانپ نمودار ہوا اور ان سروں کے مابین گھس گیا۔پھر عبیداللہ بن زیاد کی ناک میں گھُسا اور کچھ دیر کے بعد باہر نکل کر چلا گیا۔یہاں تک کہ نظروں سے غائب ہو گیا۔پھر لوگوں نے ''آ گیا آ گیا'' کہنا شروع کر دیا۔پھر دوسری مرتبہ وہی سانپ آ گیا اور جو پہلے کیا تھا اسی طرح اس بار بھی کیا۔

سونا کا بھسم ہو جانا :۔شمر بن ذی الجوشن کو حضرت امام عالی مقام علیہ اسلام کے سامان سے کچھ سونا مل گیا جس میں سے کچھ اس نے اپنی لڑکی کو دے دیا تھا۔اس کی بیٹی نے وہ سونا ایک سنار کو دے دیا تا کہ وہ اس کے لئے کوئی زیور بنا دے جب سنار نے سونے کو آگ میں ڈالا تو وہ سونا بھسم ہو گیا۔شمر ذی الجوشن نے سنار کو بلا کر باقی سونا بھی اسے دے دیا اور کہا کہ میرے سامنے اس سونے کو آگ میں ڈالو۔جب زرگر نے سونے کو آگ میں ڈالا تو وہ سونا بھی بھسم ہو گیا۔

تلخ گوشت :۔مروی ہے کہ حضرت امام عالی مقام علیہ السلام کے چند اونٹ جو بچ گئے تھے انہیں ظالموں نے ذبح کر دیا اور کباب بنائے۔ان کبابوں کا ذائقہ اس قدر تلخ تھا کہ ہر کوئی کھانے سے اجتناب کرتا تھا۔کسی میں اتنی ہمت نہ تھی کہ یہ گوشت کھا سکے۔

جنات کا نوحہ خوانی کرنا :۔ایک معتبر راوی سے روایت ہے کہ میں نے ایک ایسے شخص کو قبیلہ طے سے ہمارے پاس آیا تھا دریافت کیا'' کیا تم نے امام عالی مقام پر جنات کو نوحہ خوانی کرتے سنا ہے''۔اس شخص نے کہا'' ہاں سنا ہے لیکن قبیلہ طے کے ہر شخص سے دریافت کرنا اور نہ ہر شخص تمہیں اس کے متعلق کچھ نہ کچھ الگ سے بتائے گا''۔راوی نے کہا کہ میں تو صرف تمہیں سے دریافت کرنا بہتر سمجھتا ہوں کیونکہ تو نے بھی انہیں سے سنا ہے۔اس شخص نے کہا'' میں نے ان کی زبان سے یہ الفاظ سنے ہیں۔

''محبوب خدا علیہ التحیۃ والثناء نے ان کی پیشانی کو چوما جن کے رخسار مبارک منور ہیں۔ان کے باپ دادا اعلیٰ خاندان سے تعلق رکھنے والے ہیں''۔

امام پاک علیہ السلام کے قاتلوں پر لعنت ہو :۔جب مدینہ طیبہ میں بعض بد بخت اشخاص نے دوران خطبہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت پر اظہار مسرت کیا تو اس رات مدینہ طیبہ میں درج ذیل اشعار سنے گئے مگر پڑھنے والا نظر نہ آیا۔

''اے حسین کو جہالت سے قتل کرنے والوں۔تمہیں سخت رسوا کرنے والے عذاب کی بشارت ہو۔آسمان میں جتنی بھی مخلوق ہے خواہ وہ نبی ہوں یا فرشتے وہ سب تم پر بددعا کرتے ہیں تم پر لعنت ہو زبان حضرت سلیمان بن داؤد اور حضرت عیسیٰ جو انجیل کے مالک ہیں''۔

اہل روم کے نمازیوں میں سے ایک نے بیان کیا کہ میں نے ایک گرجا میں یہ شعر مرقوم پایا۔

''کیا وہ امت جس نے حضرت حسین علیہ السلام کو قتل کیا ہے اس کے جد امجد سے قیامت کے دن شفاعت کی امید رکھتی ہے''۔

سر انور سے آواز آنا :۔حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب ابن زیاد نے حکم دیا کہ حضرت امام عالی مقام علیہ السلام کے مبارک نیزے پر چڑھا کر کوفہ کے گلی کوچوں میں پھیرا گیا تو اس وقت میں اپنے مکان کی کھڑکی میں کھڑا تھا۔جب حضرت امام عالی مقام علیہ السلام کا سر مبارک میرے پاس سے گزرا تو مجھے سر مبارک سے یہ آواز سنائی دی۔''تو گمان کرتا ہے بے شک اصحاب کہف اور رقیم ہماری نشانیوں میں سے عجیب تر تھے''۔یہ آواز اتنی ہیبت ناک تھی کہ سنتے ہی میرے اوسان خطا ہو گئے اور میں پکار اٹھا کہ:۔

''قسم بخدا یہ سر مبارک تو شہزادہ عالی مقام کا ہے اور اس میں سے ایسے آواز کا نکلنا عجب سی بات ہے''۔

پتھر سے تازہ خون نکلنا :۔ایک شخص عمرو زہری نامی ایک روز عبدالملک بن مروان کی محفل میں تھا کہ ولید نے اس سے پوچھا:۔'' تم میں سے کون ایسا شخص ہے کہ جسے علم ہو کہ حضرت امام عالی مقام علیہ السلام کی شہادت کے روز بیت المقدس کے پتھروں کی کیفیت کیا تھی''؟ امام زہری نے کہا'' میرے علم میں یہاں تک ہے کہ اس روز جس پتھر کو بھی اٹھایا جاتا تو اس کے نیچے سے تازہ خون نکلتا تھا''۔

آسمان سے خون کا برسنا :۔مروی ہے کہ جب حضرت امام عالی مقام علیہ السلام شہید ہوئے تو آسمان سے خون برسنے لگا اور ہر شے خون سے لت پت ہو گئی نیز آسمان کئی دن تک خون سے لت پت رہا۔

قسط 40

جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے و سفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

محترم دوستو! بزرگ جو کہ نقوش کی قوت اور اعداد کے فلسفہ کو جانتے ہیں ہمیشہ غیر مسلم افراد کو آیت مبارکہ کا عددی نقش دیتے ہیں۔ یعنی کوئی بھی سورۃ یا آیت بجائے لفظی تحریر کرنے کے اُس کی عددی قوت ابجد قمری برآمد کرتے ہیں اور پھر اس قوت کے مطابق مربع مثلث یا مخمس نقش پُر کر کے مریض کو دیا جاتا ہے کیونکہ اگر قرآن کی آیت لفظی انداز میں تحریر کر کے دی جائے تو غیر مسلم کیونکہ ناپاکی حالت میں ہوتا ہے جس وجہ سے دینے والا بھی گناہ کا مرتکب ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ابجد قمری کی عددی قوت برآمد کی گئی جس کا مختصر تعارف اس طرح ہے کہ قدیم زمانہ عرب میں مرار نامی ایک شخص رہتا تھا جسے حروف اور اعداد پر عبور حاصل تھا اس کے فلسفہ کو سمجھتا تھا عناصر اربع کی ترتیب سے بخوبی واقف تھا اس شخص نے 28 حروف ابجد کو عناصر اربع یعنی آتشی بادی خاکی اور آبی میں اس طرح ترتیب دیا کہ چار چار حروف کا ایک کلمہ بن جائے اس کلمہ میں چاروں عنصر شامل تھے۔ اللہ نے اپنی قدرت سے اُسے نواز اسات بیٹے عطا کئے مرار نے پہلے بیٹے کا نام ابجد رکھا، اس کے نام کی ترتیب میں الف کا تعلق حرف آتشی ب کا تعلق بادی ج خاکی اور دال آبی ظاہر ہوا۔ اسی ترتیب کے مطابق دوسرے بیٹے کا نام ہوز رکھا اور تیسرے بیٹے کا نام طیکل رکھا جبکہ بالترتیب باقی بیٹیوں کے نام منع، فصقر، شخ، ذضظغ اس طرح رکھے۔ ابجد تا ذضظغ ان حروف کو عدد کی قوت دی گئی مثلاً ا کی قوت 1، ب کی قوت 2، ج 3، د 4 اسی طرح آخر میں غ کی قوت 1000 شمار کی جاتی ہے علماء فلاسفہ الحروف نے آسانی کیلئے حروف ابجد کو آٹھ حصوں میں تقسیم کیا تا کہ لکھنے اور یاد رکھنے میں آسانی ہو جس کی ترتیب اور پہچان موجودہ دور میں ابجد، ہوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ۔ اسی قوت کے مطابق قرآن پاک اسمائے باری تعالیٰ یا کسی بھی مقدس نام کے اعداد برآمد کر کے نقش میں ترتیب دیئے جاتے ہیں تا کہ بے حرمتی نہ ہو۔

گزشتہ شمارہ میں جنات سے متعلق چند واقعات تحریر کئے تا کہ لوگ سمجھ سکیں کہ جنات کی طاقت کتنی ہے اور کی کیا کیا کارستانیاں ہوتی ہیں ہر جگہ اور ہر مقام پر نیک و بد صورتحال ہوتی ہے منفی اور مثبت نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔ اسی طرح نیک و بد جنات موجود ہوتے ہیں اس ماہ کی نشست میں پہلے کالم میں عددی نقوش بارے وضاحت کی گئی اور دوسرے کالم میں ارواح و جنات بارے بات کی جائیگی کیونکہ بہت سے دوستوں کی خواہش تھی کہ نقوش اعداد میں کیوں لکھے جاتے ہے اور ارواح و جنات کی کتنی اقسام ہیں۔ اب مزید اس بارے میں تفصیل جانئے۔

حضرت انسان فطری طور پر عجوبہ پسند واقع ہوا ہے پیغمبروں سے معجزہ طلبی اسی فطری جذبہ کا اظہار ہے ساحروں کی کوششیں کاہنوں کی کہانت بے شرع لوگوں کی گویاں سب اسی جذبہ فطرت کا رونا ہے، لیکن ہر انسان فطرتاً یہ چاہتا ہے کہ میں عوام کی نظروں میں معزز دکھائی دوں چنانچہ حصول عزت کے خیال سے انسانی کوائف مختلف کاروباری زندگی میں منہمک دکھائی دیتے ہے جس کا مقصد جائز ناجائز طریق پر دولت جمع کرنا اور معزز بننا ہے انہی انسانی خواہشات کی دوسری شاخ ایسی عجیب وغریب حیرت انگیز اور عقل کو وطیرہ حیرت میں ڈالنے والے افعال ظاہر کرنا ہے تسخیر روحانیات کے بہت سے افراد خواہش مند ہیں جنات اور ہمزاد، پری خاکی سفلی ارواح و جنات کی تسخیر کی خواہش تقریبا ہر ایک میں پائی جاتی ہے مگر وہ نہیں سمجھتے ہیں کہ کونسا عمل کس سے ملا کیسے پڑھنا ہے، خالی کمرے بیٹھ کر پڑھنا کیا کیا پرہیز ہیں۔ جب بنیادی معلومات نہ ہوں گی تو ناکامی لازمی ہے کسی وجہ سے ناکام ہوئے۔ تو وظائف کو بُرا بھلا کہنا شروع کر دیا مگر وہ یہ نہیں جانتے کہ یہ کس قدر مشکل اور صبر آزما کام ہے تسخیر ارواح و جنات ہر کس و ناکس کے بس میں نہیں ہے نیز ہر شخص میں یہ قوت نہیں ہوتی یہی وجہ ہے کہ تسخیر ارواح و جنات کے اعمال عام ہونے کے باوجود اسکے عامل زمانہ بھر میں معدود ہوتے ہیں موجودہ دور میں ہر انسان تمام قواعد اعمال قائم نہیں رکھ سکتا قواعد اعمال وظیفہ ریاضت کیلئے بے حد ضروری ہے لوگوں نے تسخیر ارواح و جنات و جنات کو بازیچہ اطفال سمجھ رکھا ہے مدت کی ریاضت کے بعد اگر کامیابی ہاتھ آجائے تو غنیمت ہے مگر عوام ہے کہ ہر ملاقات پر ایسے عمل کے طالب ملتے ہے کہ دیکھیں جناب میں ذرا دنیادار قسم کا آدمی ہوں پرہیز کوئی نہ ہو بس ایک آدھ دن میں ہی جن یا موکل تسخیر ہو جانے والا زور اثر عمل عطا کریں بعض ایسے باہمت بھی ملتے ہے جو کہتے ہے صاحب کوئی جن یا موکل آپ مسخر کر کے دے

کتابستان کتاب گھر کماچوک کمہاراں والا ملتان 0300-6124103 ادارہ روحانیات

دیں۔وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ایک شخص M.A کی ڈگری حاصل کرنے کیلئے اپنی عمرعزیز کے 23 سال صرف کرتا ہے بشرطیکہ وہ پانچ سال کی عمر میں تعلیم کی ابتدا کرے 23 سال کو ہم مزید ٹکڑوں میں پھیلائیں تو 8395 دن ہوتے ہے انہیں مزید پھلائیں تو 201480 گھنٹے ہوتے ہے جو شب و روز کے ماضی کا ریکاڈ ہے انہی 201480 گھنٹے ہوں میں ماضی چھپا ہوا ہے جو انسان روحانی سفر کرتا ہے یا دوسری دنیا کا ادراک حاصل کرنا چاہتا ہے تو اسے یہ علم حاصل کرنے کیلئے کسی استاد کی نگرانی میں یہ تمام قوائد سیکھنا ہوں گے چند لوگ روحانی سفر کو لمحوں یا ایک دو دن میں طے کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔یاد رکھیں ایک ایم اے کرنے والا شخص کئی تعلیمی مراحل طے کرتا ہے ۔اس میں کئی سال کی شب و روز کی محنت شامل ہوتی ہے، یہ کبھی نہیں ہوا نہ ہوگا کہ ایک دن میں ایک شخص ابتدائی قواعد سیکھے بغیر ایم اے کر لے مادی علوم سیکھتے وقت یہ نظر یہ ہوتا ہے کہ مادی علوم سیکھنے سے ہمارے اوپر آرام و آسائش کے دروازے کھل جائے لیکن پیش نظر، یہ نہیں ہوتا کہ اگر دروازے نہ کھلے تو پھر کیا ہوگا یہ الگ بات ہے کہ ساری دنیا نہ تو غریب ہوتی ہے اور نہ ہی امیر۔

مادی علوم یعنی ایم اے یا جدید تعلیم حاصل کرنے والا نوجوان تلاش روزگار میں جب عملی زندگی میں قدم رکھتا ہے تو کسی خاص مضمون میں اہلیت رکھنے کے باعث 15-14 ہزار تک تنخواہ پانے کا مستحق ٹھہرتا ہے برخلاف اس کے ارواح و جنات کی تسخیر میں کامیابی ایک یا تین دن میں ہو اور بھی آسانی کے ساتھ سوائے مجذوب کی بڑ کے کچھ نہیں ہے۔

یاد رہے تسخیر ارواح و جنات کا باب عملیات میں ایک بہت وسیع اور دقیق پہلو لئے ہوئے ہے ارواح و جنات کو عام طور پر جن اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے اول علوی ارواح و جنات، دوئم سفلی ارواح و جنات جس طرح علوی ارواح و جنات بے شمار ہے اسی طرح سفلی ارواح و جنات کی تعداد چھ کڑور سے زائد ہے۔

علمائے فن نے ان ارواح و جنات کو تین طریق پر تقسیم کر رکھا ہے۔

پہلی قسم کی وہ ارواح و جنات جو صرف خبر دیتی ہے انکی تسخیر کر کے آپ صرف خبر لے سکیں گے اور کچھ نہیں ان ارواح و جنات کی بھی آگے مزید تین اقسام ہیں مقصد یا سوال جو بھی ہوتا ہے بتا دیتی ہے اس سوال کا جواب دینے سے قاصر ہوتی ہے۔

دوسری قسم کی ارواح و جنات وہ جو ماضی حال اور مستقبل کا حال صحیح صحیح بیان کرنے کی قدرت رکھتی ہے ان ارواح و جنات میں بعض تو سو برس تک مستقبل اور ماضی میں جھانک سکتی ہے اور بعض کچھ زیادہ مگر ان کی حدود زمین سے باہر نہیں ہوتی زمین کے اندر تک باتیں بیان کر سکتی ہے ان میں نیک و بد دونوں اقسام کی ارواح و جنات شامل ہیں۔ان ارواح و جنات سے دنیاوی کام بھی لئے جاسکتے ہیں۔

تیسری قسم کی ارواح و جنات بہت طاقتور ہوتی ہے خواہ حیوانات سے ہوں یا انسانوں سے وہ اس زمین کے علاوہ اندر کی بھی معلومات رکھتی ہیں یہ ارواح و جنات تقریباً ہزار برس مستقبل اور ماضی میں جھانکنے کی قدرت رکھتی ہے ان ارواح و جنات سے مختلف علوم بھی حاصل کئے جاسکتے ہے ماضی میں بہت سے اصحاب نے علم نجوم، رمل، طب وغیرہ انہیں ارواح و جنات سے حاصل کیا۔ان ارواح و جنات و جنات کو کسی پر مسلط بھی کیا جاسکتا ہے۔

دوسری قسم کی ارواح و جنات وہ ہے جن کو تسخیر کر کے اپنے کسی کام میں مدد لی جاتی ہے ان کی پھر مزید چھ اقسام ہیں۔

1۔وہ قسم ہے کہ کسی روح کو وقتی طور پر تسخیر کر کے اپنے کسی کام میں مدد لی جاتی ہے وہ ایک کام کر کے آزاد ہو جاتی ہے اس کے بعد دوبارہ بلانے یا کام کرنے کیلئے دوبارہ عمل کرنا پڑیگا یہ ایک ادنی قسم ہے ان ارواح و جنات کی مکمل تسخیر نہیں ہوتی۔

2۔دوسری قسم کی ارواح و جنات وہ ہے جو کام تو وہ سب انجام دیتی ہے مگر نظر نہیں آتی ان کے کام کی حدود مقرر نہیں یعنی آپ ان سے کسی مادی چیز میں حرکت نہیں کرا سکتے بس عمل کیا کوئی خاص خوشبو آئیگی یا احساس پیدا ہوگا کہ آگئی ہے آپ کام کا کہیں گے تو چند گھنٹوں میں ہو جائے گا ان سے کسی قسم کا امتحان نہیں لیا جاسکتا۔

3۔تیسری قسم ارواح و جنات محلولہ کی ہے یہ ارواح و جنات غبار کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے مختلف اقسام کے بخورات وغیرہ زیر عمل جلائے جاتے ہے ان سے کسی حد تک بات بھی ہوسکتی ہے مگر جواب مہم اور غیر واضح ملے گا البتہ اپنی حدود میں کام کریگی اگر ان کی حد سے باہر کا کام ہوگا تو یہ وعدہ کرے لیں گی مگر کام نہ کریں گی اس لئے بعض احباب ان کے دھوکے میں آجاتے ہے۔یہ قسم مسلط ہونے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

4۔چوتھی قسم ان ارواح کی ہے جن ارواح و جنات کو قابو کرنے کیلئے کسی معمول کی ضرورت ضروری ہے یا پھر عامل اپنے جسم پر وارد کر لیتا ہے ان میں دونوں اقسام کی ارواح و جنات ہوتی ہے بعض مخصوص عمل پڑھکر کسی مریض پر پھونکنا یا پھر کسی معمول پر دم کرنا جس سے معمول بے ہوش ہو جاتا ہے اور اس پر اسکی مطلوبہ روح وارد ہوتی ہے کلام کرتی ہے اور بعض ارواح و

جنات مریض پر وارد ہو کر اس کا مرض بیان کرتی اور علاج بھی بتا دیتی ہے۔

5۔ پانچویں قسم ارواح و جنات طاہرہ کی ہوتی ہے یہ ارواح و جنات بذریعہ عمل ایک مخصوص رویہ پر ظاہر ہوتی ہے اور عامل کے عمل کی بدولت مسخر ہو جاتی ہے پھر اپنی اپنی حدود کے مطابق عامل کے حسب حکم کام کرتی ہے اس قسم میں بھی نیک و بد دونوں اقسام کی ارواح و جنات شامل ہوتی ہے۔

6۔ چھٹی قسم اولیاء کرام کی ہے ان کی تسخیر کرنا ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں ہے البتہ اپنے پرہیز و تقوی پر ان کو خوش کیا جا سکتا ہے۔ ان کو ارواح پُر فتوح بھی کہا جاتا ہے ان میں بعض از خود کسی کی راہنمائی کرتی ہے اور ان ارواح پُر فتوح سے رابطہ قائم ہونا بہت بڑی روحانی کامیابی ہے ان ارواح پُر فتوح کی تجلیات وارد ہونے سے انسان میں اتنی استعداد پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ ان سے کلام کر سکے جب آدمی کلام کر سکتا ہے تو پھر دُعا کروا کر اپنا کام کرا سکتا ہے سید غوث علی قلندر پانی پتی رحمتہ اللہ مدسرہ کے ارشادات جو تذکرہ غوثیہ کی کتاب میں تحریر ہے حضرت موصوف نے حضرت موسی علیہ اسلام کے حاروب کش اور شہیدوں کے باغ میں دو افراد کا جو واقعہ بیان فرمایا ہے وہ ایسا ہی ہے ایک صاحب تھے بورے والے کے قریب حضرت دیوان شیخ چاولی کی روح ان پر بہت مہربان ہے جب بھی اسے کسی مشکل مسئلہ کا سامنا ہو تو حضرت مذکورہ کی روح پُر فتح اس کی مدد کرتی ہے وہ بھی ہر جمعہ کی نماز فجر ان کی درگاہ عالیہ میں ادا کرتا ہے ہر نماز جمعہ ادا کر کے واپس گھر آتا ہے یہ قسم ارواح سب سے اعلی ہے کیونکہ اسمیں بد ارواح و جنات شامل نہیں ہوتیں فقط نیک ارواح کی مدد سے کام کرایا جا سکتا ہے اسی قبیل کے اعمال کشف القبور اور تصوف فی القبور کے نام سے بھی ہے۔

بندہ احقر العباد محمد ایاز مزمل حسین شاہ بھی ارواح پُر فتوح سے روحانی فیض حاصل کر چکا ہے۔ جیسا کہ روحانی بزرگوں سے ثابت ہے کہ سورۃ مزمل کے وظیفہ کی برکت سے نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔ بندہ احقر یہ شرف کئی بار حاصل کر چکا ہے لیکن ادب کے تقاضا کے تحت نگاہ ہمیشہ قدمین مبارک کی جانب رہی۔ رُخ انور پر نظر کرنے کی جرت اور ہمت نہ ہو سکی۔ زیارت اہل بیتؑ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بے شمار بلند پایہ بزرگان دین سے روحانی فیض حاصل کر چکا ہے۔ برصغیر پاک و ہند کی وہ بلند پایہ ہستیاں جن کے اسم مبارک نہایت ادب سے لئے جاتے ہیں ایسی روح پر فتوح نے بندہ احقر کو وظائف عطا کئے یہ سب بزرگوں کی دعاؤں اور سورۃ مزمل کی برکات کا نتیجہ ہے ورنہ بندہ احقر کی کیا ہمت اور مجال کے ایسے بلند پایہ ہستیوں کے بارے میں کوئی چھوٹا سا بھی دعوی کر سکے۔ ان روح پر فتوح سے جتنے بھی وظائف و اعمال ملے ان میں بہت کم ایسا ہوا کہ چلہ کشی کی ضرورت پڑی ورنہ ایسی بلند پایہ ہستیوں کی جانب سے کسی وظیفہ کا فیض جاری کرنا اور دست شفقت رکھ دینا ہی کافی ہوتا ہے۔

لاتعداد ایسے واقعات بھی پیش آئے جن میں عام ارواح سے بھی رابطہ ہوا یہ ارواح مختلف قسم کے وظائف اور دُنیا سے جانے کے بعد واقعات کو بیان کر چکے ہیں۔ لیکن ان سب معمولات کیلئے یکسوئی شرط اول ہے۔ جسم اور روح ہمیشہ پاک ہوتا کہ یہ ارواح خوش ہو کر زیادہ سے زیادہ رابطہ کر سکیں۔

تیسری قسم جنات کی ہے ان کی بھی مزید تین اقسام ہے اول قسم تو یہ ہے جنات سے رابطہ عارضی یا مستقل پہل کرنا خواہ نیک ہوں یا بد، ایک دوستی کا طریقہ ہے اور بعض جنات از خود انسانوں سے رابطہ کرتے ہیں۔

دوسری قسم ارواح جنات وہ ہے جو جنات فوت ہو گئے انکی ارواح سے رابطہ قائم کرنا ان میں نیک بد ارواح و جنات موجود ہوتی ہے

تیسری قسم جنات کی مونث (جنات) سے شادی کر کے دوستی کی جاتی ہے بعض اعمال مخصوص ہے ان اعمال کے کرنے سے جنات کے مخصوص قبیلوں کی خوبصورت حسینوں سے شادی ہو سکتی ہے اس طرح آپس میں مراسم بڑھتے ہے اور انسان ان سے خبریں اور کام دونوں حاصل کر سکتا ہے۔

اساتذہ عظام نے ارواح و جنات کو تین بڑی اقسام میں تقسیم کیا ہوا ہے۔

1۔ وہ ارواح و جنات جو صرف خبر دیتی ہے

2۔ وہ ارواح و جنات جن کی تسخیرہ دشمن ہر بطور سزا مسلط کر دیا جاتا ہے

3۔ تیسری قسم وہ ہے جو خیر و شر تمام امور میں مدد کرتی ہے ان میں نیک و بد ہر دو اقسام کی ارواح و جنات شامل ہے یاد رہے کہ تسخیر ارواح و جنات و جنات کیلئے کامل تنہائی، مکمل یکسوئی پاکیزگی قلب و نگاہ کے ساتھ ساتھ درست تحمل، حوصلہ، صبر سمیت مکمل راز داری بنیاد ہے وہ حضرات جو چند روز عمل کر کے یہ چاہتے ہے کہ جنات ہمزاد، پری قابو آ جائے وہ ہمیشہ ناکام رہتے ہے اس مخدوش اور پُر آشوب دور حیات میں اگر کوئی صاحب تین سال کی محنت و ریاضیت کے بعد تسخیر ہمزاد یا جنات میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے تو یہ سودا بھی اس کے لئے سستا ہے۔ کامل تنہائی راز داری حوصلہ اور برداشت کا مادہ مقصود ہے یہی باعث ہے کہ لوگ عمل کرتے ہیں اور ناکامی کا منہ دیکھتے ہیں۔

اگر کوئی طالب علم ہمزاد عمل میں کامیابی یقینی کا عزم رکھتا ہو تو میرا اپنا تجربہ ہے کہ وہ 2 سال کی مسلسل ریاضت سے اس عمل میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ مگر یہ محنت استاد کے زیر نگرانی کرنی چاہئے۔ ان شاء اللہ آئندہ ماہ شائقین روحانیات کی فرمائش پر ایک آسان ترین مشق یکسوئی بارے شائع کی جائیگی۔

گھروں میں موجود سیاروں کے اثرات

ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

محترم قارئین کرام! شمارہ جولائی 2017ء میں زائچہ کے خانہ اول تا چہارم میں موجود سیارگان کے اثرات پر مضمون شائع کیا گیا اسی سلسلہ کو بڑھاتے ہوئے خانہ پنجم تا خانہ ہشتم یعنی آٹھویں گھر میں سیارگان کے اثرات بارے مضمون شائع کیا جا رہا ہے تاکہ نجوم سے متعلق معلومات قارئین تحفہ روحانیات کو دی جا سکے۔

مختصر تعارف زائچہ کے پانچویں گھر بارے میں اس طرح ہے کہ کھیل تماشوں، سیر و تفریح، خوشیوں، مشاغل، انعامی سکیموں، جواء، سٹہ بازی، محبت و رومانس اور بچوں سے ہوتا ہے، اس گھر میں بوقت پیدائش کواکب کی موجودگی سے جو اثرات مرتب ہوتے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

پانچویں گھر میں شمس ہو تو ایسے افراد بچوں، بچیوں، تفریحی اور خطرناک قسم کے کاموں میں سرمایہ لگانے کا رجحان رکھتے ہیں۔ ایسے افراد کے لئے دوسروں کو تفریح مہیا کرنے والے کام بہت کشش رکھیں گے، ان کا زیادہ وقت محبت پر صرف ہوا کرے گا۔ ایسے افراد کھلنڈرے قسم کے ہوتے ہیں۔ اُن کی زندگی پارٹیوں اور سٹیج پر گزرتی ہے۔

پانچویں گھر میں قمر ہو تو ایسے افراد جذباتی اور مالی حیثیت کے مالک ہوتے ہیں ان کا پسندیدہ کھیل محبت کرنا ہوتا ہے، اُن کی خوشیوں کا انحصار محبت اور بچوں پر ہوتا ہے۔ ایسے فرد سیر و تفریح کے ذریعے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں۔

پانچویں گھر میں عطارد ہو تو ایسے افراد دماغی اور ذہنی تفریح پسند کرتے ہیں۔ یعنی وہ شطرنج، بُرج اور تذبذب میں ڈالنے والے کھیل پسند کریں گے۔ یہ لیکچر سننا، تعلیمی فلمیں اور پروگرام دیکھنا پسند کریں گے، سیر و تفریح کے دلدادہ ہوں گے۔ محبت محض وقت گذاری کے لئے کریں گے، اگر زائچہ میں پہلا گھر برج سنبلہ ہو تو سیر و تفریح کے متعلق بہت تنقیدی خیالات رکھیں گے۔ ایسے افراد میں اپنے خدمت گاروں اور سیکرٹریوں کے پیچھے بھاگنے کا میلان بھی ہوگا۔

پانچویں گھر میں زہرہ ہو تو ایسے افراد آرٹسٹ اور مہذب قسم کے کھیل تماشوں کو پسند کریں گے۔ رومانٹک بھی ہوں گے، شادی سے قبل محبت کافی طویل ہوگی یہ افراد خوشیاں بانٹ کر اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں، اُن کے بچے بہت خوبصورت ہوتے ہیں۔

پانچویں گھر میں مریخ ہو تو ایسے افراد اتھلیٹ، باہمت، مضبوط ڈیل ڈول والے اور مسابقتی فطرت کے مالک ہوتے ہیں۔ ایسے افراد یا تو کسی کے حصہ دار بن جاتے ہیں یا تماشا دیکھتے ہیں اب رہا یہ سوال کہ یہ کیا بنتے ہیں تو اس کا انحصار اُن کی عمر اور جنس پر ہوتا ہے ایسے افراد کھیلوں کے ذریعے خوشی حاصل کرتے ہیں، اگر مریخ کا اثر دوگنا ہو یعنی وہ پانچویں گھر میں ہو اور جس بُرج میں ہو اس پر مریخ ہی کی حکومت ہو تو جوڈو، باکسنگ جیسے کھیل اُن کو بے حد پسند ہوں گے۔

پانچویں گھر میں مشتری ہو تو باہر کی تفریح کے دلدادہ ہوں گے تاہم اُن میں کسی قدر جنگلی پن بھی موجود ہوگا۔ محبت، جواء بازی اور بچوں کے معاملے میں خوش قسمت ہوں گے۔ بعض لوگوں کے خیال میں سیر و تفریح سے بڑھ کر دنیا کی کوئی چیز اہمیت نہیں رکھتی۔ اُن کی اولاد کافی ہوگی۔ سماجی کارکن کی حیثیت سے کام کر کے خوشی محسوس کریں گے۔

پانچویں گھر میں زحل ہو تو ایسے افراد سیر و تفریح کے معاملے میں بے حد سنجیدہ ہوں گے۔ اُن کے لئے آرام و تفریح دونوں باتیں مشکل ہوں گے۔ یہ ورزش کی خاطر تیراکی کر سکتے ہیں، ٹینس کھیل سکتے ہیں، اپنے آپ کو مہذب ثابت کرنے کے لئے تھیٹر جا سکتے ہیں، یہ سب کام کر سکتے ہیں مگر اس کے لئے اُن کے پاس ایک خاص وجہ ہوگی اور یہ وجہ سیر و تفریح نہ ہوگی۔ اُن کے مشاغل عملی نوعیت کے ہوں گے۔ یہ آپ کو ہر وقت جدوجہد کرتے نظر آئیں گے۔

پانچویں گھر میں یورنیس ہو تو غیر معمولی تفریحات مثلاً شطرنج یا غیر معمولی مشاغل جو کم لوگ اپناتے ہیں اُن کو بے حد پسند ہوں گے، محبت کے معاملے میں بھی اپنی ذات سے ہٹ کر سوچتے ہیں۔ جذباتی طور پر ملوث ہوئے بغیر بھی خوش ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

پانچویں گھر میں نیپچون ہو تو یہ سیارہ روحانیت اور حواس خمسہ کے ہیجان کی نشان دہی کرتا ہے۔ غروب آفتاب کی خوبصورتی ایسے افراد کے دل میں جذبات کی لہر دوڑا دیتی ہے، پکتے ہوئے کھانے کی خوشبو بھی انہیں خوشی دیتی ہے۔ یہ باتیں ہیجان خیز بھی ہیں اور

رومانٹک بھی ہیں، ایسے افراد وجدانی اور تخلیقی تفریحات خاص طور پر تھیٹر سے بہت لطف اندوز ہوتے ہیں۔

پانچویں گھر میں پلوٹو ہو تو ایسے افراد خطرناک قسم کی تفریحات مثلاً تیراکی اور پہاڑوں کی چوٹیوں کو سر کرنے کے بے حد شوقین ہوتے ہیں کیونکہ ایسی تفریحات میں موت کو قریب دیکھ کر یہ اپنے آپ میں زندگی کی ایک نئی لہر دوڑتی ہوئی محسوس کرتے ہیں۔ لڑائی والے کھیلوں مثلاً جوڈو اور باکسنگ وغیرہ میں یا تو خود حصہ لیتے ہیں یا پھر بحیثیت تماشائی ضرور شریک ہوتے ہیں۔ جنس اور جواء بازی کے معاملے میں ایمان داری اور سچائی پر یقین رکھتے ہیں۔

خانہ ششم میں مختلف سیاروں کی موجودگی کا ثمرہ

مختصر تعارف زائچہ کے چھٹے گھر بارے میں اس طرح ہے کہ کام، ملازمت، کام کی صلاحیت، صحت اور کیریئر بنانے کے بجائے روپیہ کمانے کے لئے جو کوششیں یا کام انسان کرتا ہے اس سے اس گھر کا تعلق ہوتا ہے اس گھر میں پیدائش کے وقت سیاروں کی موجودگی کے جو اثرات مرتب ہوتے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

چھٹے گھر میں شمس ہو تو آپ اپنے آپ سے سوال کریں کہ آپ کون ہیں؟ تو اس کا جواب آپ کو اِن کاموں کے ذریعے مل جائے گا جو آپ کرتے ہیں۔ اچھا کام کر کے آپ کی خود پسندی کو کوئی نہ کوئی فائدہ اور حقیقی تسکین ملتی ہے۔ بے کاری آپ میں مایوسی کے جذبات پیدا کر دیتی ہے۔

صحت: آپ کا دل کمزور ہے اور شاید آپ کا مسلسل کام کرنا ہی آپ کی موت کا باعث بنے گا۔

چھٹے گھر میں قمر ہو تو آپ کو دوسروں کا کام کر کے خوشی ملتی ہے۔ اگر آپ کو کام کی ضرورت نہ ہوگی تب بھی آپ رضا کارانہ طور پر کام کریں گے، آپ کے دوست بھی بے شمار ہوں گے، عوامی کام اور عورتوں کے ساتھ یا عورتوں کے متعلق کام کریں گے۔

صحت: سینے کی بیماری آئے گی، خاص طور پر چھاتیوں کی مگر یہ خیال نہ کریں کہ سرطان کے امکانات زیادہ ہیں۔ کیونکہ جتنا اس بیماری میں مبتلا ہونے کا دوسروں کو خطرہ ہے۔ اتنا ہی آپ کو بھی۔

چھٹے گھر میں عطارد ہو تو خبر رسائی یا دماغی کام جس میں عالمانہ مہارت کی ضرورت ہوتی ہے کریں گے، سیلز یا نشریاتی ادارہ میں ملازمت کریں گے، جس میں بولنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ درس وتدریس لکھنا یا سیکرٹری کی ملازمت آپ کے لئے موزوں رہے گی۔ زندگی میں کیریئر کی تبدیلی واقع ہو سکتی ہے۔

صحت: اعصاب اور جلدی امراض کا ہونا، اعصابی تکالیف اور بازو میں چوٹیں لگنا اگر آپ کی پیدائش برج سنبلہ کی ہے تو آنتوں اور نظام ہضم میں خرابی واقع ہوگی۔ آپ کیلئے متوازن غذا بے حد ضروری ہے۔

چھٹے گھر میں زہرہ ہو تو وہ کام جن میں فیشن، زیورات اور کاسمیٹکس کا زیادہ استعمال ہو وہ آپ پسند بھی کریں گے اور یہی کام آپ کیلئے موزوں بھی رہیں گے یا پھر آپ کوئی مالی کاروبار کریں گے۔

صحت: اگر ثور کی تاریخوں کے شروع ہونے کے قریب قریب کی پیدائش ہیں تو حلق کی بیماری آئے گی یا حلق کا آپریشن ہوگا۔ اگر براج میزان کی تاریخوں کے شروع ہونے کے قریب قریب کی پیدائش کی ہیں تو گردنوں کی بیماری اور کمر کا درد ستائے گا۔ یا کواکب مندرجہ بالا بیماریوں کی نشان دہی بھی کر سکتے ہیں۔ تاہم خاکی برج میں زہرہ کی موجودگی حلق کی بیماری اور آبی برج میں اُس کی موجودگی کمر کی تکلیف کا باعث بنتی ہے۔

چھٹے گھر میں مریخ ہو تو آپ وہ کام کرنا پسند کریں گے اور اُن کاموں میں کامیاب رہیں گے جن پر مریخ کی حکومت ہوتی ہے، مثلاً تجارت جس میں سخت محنت کی ضرورت ہوتی ہے یا وہ کام جن میں جسم کو استعمال کرنا پڑتا ہے، مثلاً ماڈلنگ، ایکٹنگ وغیرہ یا وہ کام جن میں تیز دھار کے آلات سے کام کرنا پڑے۔

چھٹے گھر میں مشتری ہو تو آپ کو کسی پیشے یا اپنے ذاتی کاروبار کو شروع کرنا چاہئے، کیونکہ ملازمت میں حکم دینے والا افسر آپ کی ناک میں دم کر دے گا، سفر اور گھومنے پھرنے والے کام آپ کیلئے بہترین ہیں لیکن ذاتی کام سب سے زیادہ بہتر رہے گا۔

صحت: ضرورت سے زیادہ کھانے سے بیماریاں پیدا ہوں گی۔ مثلاً ذیابیطس، گھنٹیا اور موٹاپے وغیرہ کا خطرہ ہے۔ اس کے علاوہ نشہ آور اشیاء اور شراب کا ضرورت سے زیادہ استعمال بھی صحت میں خرابی لائے گا۔

چھٹے گھر میں زحل ہو تو آپ خود اپنی ملازمت اور کام کے متعلق بے حد سنجیدہ ہوں گے۔ لہٰذا ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ بڑی مشکل پیش آئے گی۔ آپ اتنی محنت سے کام کریں گے کہ وہ آپ کے سامنے بالکل بے حقیقت ہو کر رہ جائیں گے۔ اپنی محنت

اور جانفشانی ہی کے ذریعے اچھا عہدہ حاصل کرنے میں آپ کو کامیابی حاصل ہوگی، آپ بہترین انسان بھی ثابت ہوں گے۔

صحت : ہڈیوں، جوڑوں اور دانتوں کی تکلیف ہوگی۔

چھٹے گھر میں یورنیس ہو تو غیر معمولی کام پسند کریں گے، ایجادات سے متعلق کام پختہ ارادوں سے اختیار کریں گے۔ آپ وہ کام کریں گے جو پہلے کسی نے بھی نہ کئے ہوں گے۔ ریسرچ الیکٹرونکس اور بیٹا فزکس میں کامیابی حاصل کریں گے۔

خانہ ہفتم میں مختلف سیاروں کی موجودگی کا ثمرہ

مختصر تعارف زائچہ کے ہفتم گھر بارے میں اس طرح ہے کہ شراکت اور معاہدوں خاص طور پر شادی سے ہوتا ہے، اس کے علاوہ کاروباری شراکت، تنظیم اور سیاست سے بھی ہوتا ہے اس گھر میں بوقت پیدائش کواکب کی موجودگی سے جو اثرات مرتب ہوتے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

شمس ساتویں گھر میں ہو تو آپ کی شادی کی کامیابی ناکامی کے نقطہ نگاہ سے اپنے آپ کو ایک کامیاب یا ناکام انسان تصور کریں گے، طلاق آپ کے لئے ایسی شکست ہے، جو مایوسی لاتی ہے، آدمی کے زائچے میں ساتویں گھر میں شمس کی موجودگی شادی کے مقابلے میں قانون اور عوامی زندگی کو زیادہ اہمیت دینے کا اظہار کرتی ہے، آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ سیاسی آدمی اپنے خاندان والوں اور بیویوں کے سامنے کس طرح شیخیاں مارتے ہیں اور زیادہ تر سیاسی افراد گھریلو زندگی کے مقابلے میں عوامی زندگی کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ سیاسی آدمی زیادہ تر خوشامد پسند ہوتے ہیں۔

قمر ساتویں گھر میں ہو تو آپ شادی کر کے اپنی محبت کا نیک ارادوں کے ساتھ اظہار کریں گے۔ جس سے آپ کی زندگی خاصی پیچیدہ ہو جائے گی۔ یعنی نمبر دو سے شادی کرنے کے لئے آپ کو نمبر ایک کو طلاق دینا ہوگی۔ شادی آپ کے جذبات کا مرکز ہے۔ خوشیوں اور غم کا ذریعہ ہے اگر عورت کے زائچے کے ساتویں گھر میں اگر قمر ہو تو کلب اور سیاست، شادی کا کمزور بدل ثابت ہوں گے، مگر آدمیوں کے ساتھ معاملہ مختلف ہوگا۔

عطارد ساتویں گھر میں ہو تو آپ کئی اور مختلف لوگوں سے شادی کریں گے، اگر ایک شادی سے بور ہو گئے تو کسی بنت جوان، ہوشیار، چالاک اور باتونی شخص سے شادی کر لیں گے، اگر برج جوزا شمس برج پیدائش کے قریب قریب تاریخوں میں پیدا ہوئے ہیں تو ایک بے چین قسم کے انسان سے شادی کریں گے اور پھر طلاق ہو جائے گی، اگر سنبلہ کے عرصہ پیدائش کے قریب قریب تاریخوں کی پیدائش ہے تو ایسے شخص سے شادی ہوگی، جو ہمہ وقت نکتہ چینی کرنے والا، اعتراض کرنے والا ہوگا، اس کی یہی باتیں طلاق کرنا، گریز بنا دیں گی۔

زہرہ ساتویں گھر میں ہو تو شادی کر کے مایوسی ہوگی کیونکہ آپ خوبصورتی کو تمام چیزوں پر فوقیت دیتے ہیں، لہٰذا شریک زندگی کی تلاش میں بھی خوبصورتی کو تلاش کرتے ہوئے باقی ہر چیز کو نظر انداز کر دیں گے، آپ کسی دوست کے ساتھ کلب کا ممبر بن کر یا اس کے ساتھ رہائش اختیار کر کے اپنی محبت کا اظہار کریں گے۔ آدمی کے زائچے میں ساتویں گھر میں زہرہ کی موجودگی قانون اور انصاف میں دلچسپی ظاہر کرتی ہے، لہٰذا سیاست میں بھی حصہ لیا کریں جو خوش قسمتی کا باعث بنے گی۔

مریخ ساتویں گھر میں ہو تو شریک زندگی جنگجو جوان اور قوی ہوگا، عورت کے زائچے میں ساتویں گھر میں مریخ ہو تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس کا شوہر حکم چلانے والا ہوگا، زندگی کا لمبا عرصہ لڑتے جھگڑتے گزرے گا، مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اُن میں آپس میں محبت نہ ہوگی آپ کلبوں اور دوسری تنظیموں کی سرگرمیوں میں بہت بڑھ چڑھ کر حصہ لیا کریں گے اور سیاست کے متعلق گفتگو کرتے ہوئے جوش میں آجایا کریں گے۔

مشتری ساتویں گھر میں ہو تو شادی اس لحاظ سے کامیاب رہے گی کہ آپ کے والدین کی پسند ہوگی یا وہ اس رشتے کو پسند کریں گے، آپ کسی عقل مندانہ پیشہ ور شخص سے شادی کریں گے مگر خانہ بدوشوں کی سی زندگی گذار پسند کرے گا۔ ہر قسم کی شراکت کے ذریعے خوش بختی ملے گی، سیاست اور قانون میں کامیابی حاصل ہوگی، عدالت میں مقدمات جیت لیا کریں گے۔ بہترین بزنس مین کی حیثیت سے خاص طور پر کامیابی اور ہر دلعزیزی حاصل کریں گے۔

زحل ساتویں گھر میں ہو تو شادی کے متعلق بہت سنجیدہ نقطہ نظر رکھیں گے، ایسی سنجیدگی کی وجہ سے اس سلسلے میں کوئی قدم اُٹھاتے ہوئے یا تو اتنی دیر ہو جائے گی کہ عمر کافی ہو جائے گی یا شادی کو اپنی لسٹ میں سب سے آخر میں رکھیں گے زندگی میں دوسروں کو زیادہ دینا پڑے گا مگر آپ کو ملے گا کم۔ اپنے شریک کے اخراجات برداشت کرنی پڑیں گے یا پھر اس کی تیمارداری کی مدت اتنی لمبی ہوگی کہ اس کا خاتمہ ہوتا نظر نہ آئے گا، اسی طرح کاروباری شریک بھی خراب ملیں گے۔

یورانس ساتویں گھر میں ہو تو آپ کی شادی

ذرا مختلف قسم کی ہوگی یا تو نمایاں اور غیر معمولی قسم کے انسان سے ہوگی جو ایک مہربان ذہین اور جدت پسند انسان ہوگا یا آپ کے عمر یا قومیت یا مختلف نسل سے تعلق رکھنے والے انسان سے شادی ہوگی یا پھر شادی کے معاہدے کا کوئی معیار نہ ہوگا، یہ شادی غیر رسمی نوعیت کی ہوگی جو کسی بھی وقت ختم ہو سکے گی۔

نیپچون ساتویں گھر میں ہو تو آپ کی شادی کچھ پُراسرار قسم کی ہوگی، جس میں کچھ راز ہوں گے، یہ شادی ایسی نہ ہوگی جسے روحانی شادی کا نام دیا جا سکے، آپ کی شادی ایک مہربان، ایک روحانی انسان سے ہوگی یا پھر ایک مبہم بات کرنے والے دن کو خواب دیکھنے والے نشہ کرنے والے انسان سے ہوگی، دشمن آپ کے متعلق جھوٹ بولیں گے۔

پلوٹو ساتویں گھر میں ہو تو آپ ایک حکم چلانے والے مضبوط اور جنسی طور پر پُرکشش انسان کو شریک حیات بنانا پسند کریں گے، شادی جلد ہو جائے گی یا عاشق کے ساتھ فرار ہونے کا امکان بھی لاشعور میں بہت گہرائی میں یہ خواہش موجود ہے۔ جنسی لحاظ سے مکمل انسان سے شادی ہو آدمی کے زائچے کے ساتویں گھر میں پلوٹو کی موجودگی سیاسی قوت کا سبب بنتی ہے۔ آپ کی شریک حیات کی موت آپ کی زندگی ہی میں ہو جائیگی۔

خانہ ہشتم میں مختلف سیاروں کی موجودگی کا ثمرہ

مختصر تعارف زائچہ کے آٹھویں گھر بارے میں اس طرح ہے کہ جسمانی و جنسی شہوت اور موت سے ہے یا پھر منفی لحاظ سے اس کا تعلق مکتی حاصل کرنے اور جذبات کو دبانے سے بھی ہو سکتا ہے۔ اسے ترلے اور انشورنس سے بھی متعلق سمجھا جاتا ہے اس گھر میں بوقت پیدائش سیارگان کی موجودگی سے جو اثرات مرتب ہوتے ہیں وہ درج ذیل تحریر کئے جاتے ہیں۔

شمس آٹھویں گھر میں ہو تو آپ ایک جنسی انسان ہیں آپ کی زندگی میں جسمانی شہوت سب سے اہم چیز ہوگی خواہ آپ اس سے لطف اندوز ہوں یا اسے دبائیں اگر آپ نے زندگی سے جنس کو نکال تو آپ ایک مصلح نکتہ چین یا مذہبی انسان بن جائیں گے۔

قمر آٹھویں گھر میں ہو تو جنس آپ کے لئے ایک جذباتی تجربہ ثابت ہوگی۔ آپ کے محبت کے اظہار کا انداز بھی جذباتی ہوگا۔ کوئی آپ سے اس وقت تک محبت نہ کر سکے گا جب تک آپ خود بھی اس سے محبت نہ کریں جب دوسری جانب اسی پر آپ کی خوشیوں کا دارومدار ہوگا۔ صحیح العقل رہنے کے لئے بھی آپ کو محبت کی ضرورت ہے، آپ کے نزدیک محبت کے بغیر زندگی لیموں کی مانند ہے جس کا سارا رس نچوڑ لیا ہو، موت، خطرات اور خفیہ علوم میں دلچسپی ہوگی۔

عطارد آٹھویں گھر میں ہو تو : آپ بہت جلد دوست بنا لیتے ہیں، خاص طور پر نوجوان افراد آپ کو بہت پسند کریں گے اور ہر مشکل میں مدد کے لئے آپ کی طرف رجوع کریں گے، آٹھواں برج جدی ہو تو آپ جنسی تسکین کے لئے ایک سے زیادہ کی طرف رجوع کریں گے اور اگر آٹھواں گھر بُرج سنبلہ کا ہو تو آپ ٹیکنیشن بنیں گے۔

زہرہ آٹھویں گھر میں ہو تو آپ اپنی محبت کا اظہار جسمانی طور پر کریں گے، خوبصورتی کی طرف متوجہ ہوا کریں گے، جس قدر محبت دوسروں سے وصول کریں گے اتنی ہی دوسروں کو بھی دیں گے۔ تاہم مجموعی طور پر محبت کے معاملے میں فراخ دلی کا ثبوت دیں گے۔ اگر بُرج ثور آٹھویں گھر میں ہو تو آپ محبت کے معاملے میں بھی سادگی پسند کریں گے۔

مریخ آٹھویں گھر میں ہو تو آپ اپنی زیادہ قوت کو شہوت پرستی پر صرف کریں گے۔ یعنی آپ کو زیادہ قوت یا تو جنسی سرگرمیوں پر صرف ہوگی یا کسی کو تلاش کرنے میں وہ افراد جن کے آٹھویں گھر میں مریخ ہو وہ دوسروں کے پیچھے بھاگنے والے دوسروں کو بڑے کاموں پر اُکسانے والے ہوتے ہیں۔ حادثے سے زخمی ہونے سے اُن کی موت واقع ہوتی ہے۔

مشتری آٹھویں گھر میں ہو تو آپ کو زیادہ محبت اور آزادی ملے گی، وہ اُصول وقوانین جو لوگوں کو باندھ کر رکھ دیتے ہیں۔ آپ اُن کو توڑ دینے والے ہوں گے، محبت کے معاملے میں آپ کو شکست نہ ہوگی، اس سلسلے میں آپ پر کسی قانون یا پابندی کا اطلاق نہ ہوگا۔ موت بڑی آہستگی سے اور بغیر تکلیف کے آئیگی۔

زحل آٹھویں گھر میں ہو تو جنس میں پابندی کو پسند کرتے ہیں یہی ایک نقطہ اخلاق کی بنیاد سمجھتے ہیں اور اپنے آپ کو بالکل درست اور دوسروں کو غلط سمجھتے ہیں لیکن یاد رکھئے کہ جن کو آپ غلط کہتے ہیں، وہی تمام تر خوشیاں اور لطف حاصل کرتے ہیں، آپ جنس کے معاملے میں بے حد سرد مزاج ہوں گے۔ آخری عمر میں آپ کا یہ افکار اور بھی بڑھ جائے گی۔

یورانس آٹھویں گھر میں ہو تو آپ کی جنسی زندگی میں بے حد تجسس ہوگا۔ آپ ایک اَن تھک شریک ثابت ہوں گے، ہر وہ کام کرنا پسند کریں گے جو پہلے کسی نے نہ کیا ہوگا وہ افراد جن کے آٹھویں گھر میں یورنیس موجود ہو، بعض اوقات وہ ہم جنسی کی طرف بھی مائل ہو جاتے ہیں۔

نیپچون آٹھویں گھر میں ہو تو آپ قربانی دینے والے شریک حیات کا ضرورت سے زیادہ خیال رکھنے والے شریک ہوں گے، آپ کا بنیادی نقطہ نظر دوسروں سے خوشیاں حاصل کرنے کی بجائے، دوسروں کو خوشیاں دینا ہوگا، جنس کے معاملے میں بھی زبانی خوشیوں ہی کو ترجیح دیں گے، خاص طور پر سوشل ورکر کی حیثیت سے کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ جنس زندگی کو اخفائے راز ہی میں رکھنا پسند کریں گے، نشہ آور اشیاء کے استعمال کی عادت پڑ جائے گی۔

پلوٹو آٹھویں گھر میں ہو تو جنسی گھر میں جنسی سیارے کی موجودگی ایک انتہائی جنسی انسان کو وجود میں لاتی ہے، ایسے افراد بے رحم بھی ہوتے ہیں، اگر وہ جنسی زندگی گذار نہیں سکتے تو وہ مصلح، تنقید کرنے والے یا مذہبی انسان بن جاتے ہیں۔ وہ امتیاز حاصل کرنے کیریئر کے لئے یا خوشیوں کے لئے جان جوکھوں میں ڈال کر موت کا مقابلہ کرتے ہیں، اُن کی موت کھلے عام ہوتی ہے۔

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس

طلسم قمر



طلسم عطارد

طلسم زہرہ

طلسم مریخ

طلسم مشتری

طلسم زحل

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف واوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

نوٹ: ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 11 تا 02 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں 0300-6351192

لوح نادعلیؑ

خاص ایام میں تیار کردہ

لوح نادعلیؑ کے فضائل، برکات، تجلیات، کرشمات، انوارات سے کون شخص واقف نہیں دعائے نادعلیؑ کا ورد خاص اس لوح کی تاثیر میں مزید اضافہ کر دیتا ہے۔ لوح نادعلیؑ کی برکت سے زندگی میں وہ سکون اور وحانیت میسر آتی ہے جس کے حصول کے خاطر انسان لاکھوں کروڑوں بھی خرچ دے تو نہ ملے۔ لوح نادعلیؑ قدرت کا ایسا انعام ہے جس کو لفظوں میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔

ہدیہ لوح نادعلیؑ 4200 روپے

لوح فتحنامہ خاص — جفری کرشمہ

وہ لوگ جو کہ مالی مشکلات کا شکار ہیں گھریلو لڑائی جھگڑا، بے روزگاری سے نجات، ملازمت میں ترقی چاہتے ہیں، رزق میں برکت نہیں، کاروبار چلتے چلتے بند ہو گیا ہو، تنگ دستی کی وجہ سے بدحال ہوں، آئے روز نئی پریشانیاں کھڑی رہتی ہوں ان تمام مسائل کا حل آپ کے نام سے تیار کردہ لوح فتحنامہ خاص میں پوشیدہ ہے۔ اس لوح کے پاس رکھنے سے وہ کامیابیاں ملتی ہیں جن کا آپ نے کبھی تصور بھی نہ کیا ہو۔

ہدیہ لوح فتح نامہ خاص 4200 روپے

اسم اعظم مع لکی نگینہ

اگر کوئی بھی شخص اپنے اسم کا درست ورد کر لے تو ایسا شخص بادشاہوں والی زندگی گزارتا ہے اور اگر کسی شخص کو اس کے نام کا اسم اعظم اس کے لکی نگینے پر لکھا ہوا مل جائے تو ایسا شخص بادشاہوں سے بھی عالیشان زندگی گزارتا ہے۔

ادارہ روحانیات کی جانب سے آپکے لکی نگینے پر آپکا اسم اعظم کندہ کرنے کا خاص انتظام کیا گیا ہے۔ جو کہ خاص ورد کے بعد خاص اوقات میں کندہ کئے جاتے ہیں۔ اپنا لکی نگینہ مع اسم اعظم منگوانے کے لئے 4200 روپے کا ہدیہ ادارہ کے نام جاری کریں۔

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

زہرہ تسدیس زحل

دن	تاریخ	وقت	راستہ	وقت	رجحان
جمعہ	03	06:26 تا 07:31	جنوب مشرق	12:53 تا 01:48	22:53 تا 23:57	جنوب مغرب

بزرگ خواتین دینی، دنیاوی فائدہ

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر میں بزرگ خواتین سے اپنے مقصد کے حصول کیلئے دعا کروائی جاسکتی ہے یا بزرگ خواتین سے دنیاوی اور دینی فائدہ کے حصول کیلئے مدد لی جاسکتی ہے یا وہ بزرگ خواتین جو کہ اثاثہ مال وجائیداد رکھتی ہو اور کوئی شخص ان سے مالی فائدہ لینے کا خواہشمند ہو سیاروں کی اس نظر میں عمل کرسکتا ہے۔

(عمل) نیلے رنگ کے کاغذ پر دائرہ بنائیں اس دائرہ کے اطراف میں **یا اللہ یا غنی یا مغنی یا منعم بحق یغنیھم اللہ من فضلہ بحق کھیعص بحق حمعسق بحق آلر بحق المر** تحریر کریں اور درمیان میں اپنا مقصد لکھیں۔

فرض کریں کہ ایک شخص کسی بھی بزرگ عورت یا والدہ سے مالی یا روحانی یا وراثتی جائیداد چاہتا ہے تو وہ شخص اس طرح دائرہ کے درمیان اس طرح عزیمت لکھے گا۔ الٰہی بحرمت اسمائے مبارکہ وہ آیت مبارکہ حروف مقطعات فلاں بن فلاں کا دل میرے لئے اس قدر نرم کردے کہ (اپنا مقصد) فوری حل ہو بوسیلہ واسطہ **یا ایھا المزمل** ان شاءاللہ تعالیٰ چندیوم میں مقصد پورا ہوگا بشرط کہ درج بالا دعا مبارکہ مع اسم الٰہی روزانہ 313 بار اول آخر درود مزمل کے ہمراہ ورد میں رکھے۔

جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں درج بالا اسم الٰہیہ و آیت مبارکہ کے اعداد ابجد قمری استخراج کر کے نام مع سائل مع والدہ + اعداد مقصد + نام فرد حصول مقصد کل اعداد برآمد کر کے مربع خالی البطن تحریر کریں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ باقی عمل ورد درج بالا طریقہ سے کریں۔

زہرہ قران مشتری

دن	تاریخ	وقت	راستہ	وقت	رجحان
سوموار	13	08:24 تا 09:18	جنوب مشرق	14:39 تا 15:33	21:46 تا 22:52	جنوب مغرب

مال و دولت کا حصول

(مقصد عمل) اس نظر کے تحت مال و دولت کے حصول کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے یا پھر تسخیر دولت بذریعہ انعامی اسکیم یا امیر کبیر عورتوں کو مسخر کرنے کیلئے بھی یہ نظر بہت اہمیت کی حامل ہے۔

(عمل) چاندی کی ایک مختتی جس کا حجم 3x3 وزن 3 ماشہ ہو۔ اسم الٰہی المعز المغنی الغنی کے عدد قمری 2277 حاصل کریں۔ ان اعداد میں مقصد تسخیر دولت عدد 1710 نام سائل مع والدہ کے اعداد شامل کریں کل مجموعہ اعداد کی مثلث پُر کریں۔ مثلث کے چاروں کونوں پر درج بالا اسم الٰہی تحریر کریں۔ نیچے مقصد دعائیہ انداز میں لکھیں۔ لوح کی دوسری جانب ایک بادشاہ کی تصویر کندہ کریں۔ جس کے اوپر طلسم مشتری بنایا جائے اس کے سامنے ایک عورت جو کہ ہاتھوں میں مال و دولت اور زیور سے لدی ہو بنائیں۔ اس عورت کے سر پر طلسم زہرہ کندہ کریں۔ کل اعداد مجموعہ متذکرہ بالا کا مسخر بادشاہ کے سینہ پر کندہ کیا جائے۔ درج بالا وقت میں یہ لوح تیار کرنے کے بعد مشک و زعفران کا بخور دیں۔ سبز یا زرد رنگ کے ریشمی کپڑا میں لپیٹ کر دائیں بازو پر باندھ لیں۔ کل اعداد مجموعہ کے مطابق متذکرہ اسم الٰہی کا ورد ہمیشہ رکھیں۔ انشاءاللہ مال و دولت کی فراوانی ہوگی مفلسی دور ہو گی اگر انعامی اسکیموں میں حصہ لیں گے تو مختلف ذرائع سے دولت آنا شروع ہو جائیگا۔ قرض ادا ہوگا۔ لیکن یہ راز کسی کو نہ بتائے اپنے تک محدود رکھیں جو لوگ خود لوح تیار نہ کرسکیں قبل از وقت ادارہ سے رابطہ کریں۔

عطارد تسدیس مریخ

دن	تاریخ	وقت	راستہ	وقت	رجحان
جمعہ	17	07:36 تا 08:28	مشرق	13:46 تا 14:39	20:39 تا 21:46	جنوب مغرب

بلڈ پریشر کا خاتمہ

(مقصد عمل) ایسے مریض جو کہ بلڈ پریشر ہائی یا بلڈ پریشر لو کا شکار ہوں کئی علاج کروانے کے بعد بھی شفاء حاصل نہ ہو رہی ہو آج کے دن کے عمل کی قوت سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) مریض کے قد کے برابر ایک سرخ رنگ کی ڈوری لیں۔ اس ڈوری پر حروف صوامت جو کہ بندش کے لیے استعمال ہوتے ہیں 13 بار پڑھ کر

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

1 گرہ لگا دیں لیکن پڑھتے وقت اپنے سانس کو روک لیا جائے اسی طرح کچھ فاصلے پر دوسری گرہ لگائی جائے لیکن اس وقت میں اس مریض کو اپنے سامنے لٹائیں ایسے ہی اس ڈوری پر 13 گرہ لگائیں اور یہ ڈوری مریض کو پہننے کے لیے دے دیں حیرت انگیز طور پر دیکھا گیا ہے کہ مریض کو دوبارہ بلڈ پریشر کی شکایت نہیں ہوتی ہے۔ نقش بنانے کے لیے عدد 543 کو چاروں چالوں سے مربع میں پر کریں نیچے مقصد تحریر کرنے کے بعد خاکی نقش مریض کو پہننے کے لیے دیں جبکہ باقی تین نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کریں۔

عطارد قران زحل

دن	تاریخ	وقت	سمت	وقت	وقت	دن
منگل	28	09:24 تا 10:17	جنوب	15:30 تا 16:22	22:52 تا 23:59	شمال مغرب

وراثتی جائیداد کا حصول

(مقصد عمل) سیارگان کا یہ قران بھی نہایت اہمیت کا حامل ہے اس وقت میں نحس اعمال انجام دیئے جاسکتے ہیں۔ خاص طور سے بزرگ خواتین سے وراثتی جائیداد کا حصول اس کے علاوہ دشمن پر کسی بھی قسم کی بیماری کا مسلط کرنا شامل ہے۔ لیکن قارئین سے عرض کرونگا کہ تخریبی اعمال سے گریز کریں اور تعمیری اعمال کی جانب متوجہ رہیں۔ ایک خاص عمل ایسے لوگوں کیلئے پیش کر رہا ہوں جن کے مخالفین کی تعداد زیادہ ہو اور وہ صاحب عمل کو بلاوجہ تنگ کرتے ہوں۔

(عمل) کالے ماش کی دال سے قبل از وقت ایک پتلہ قبرستان کے پانی سے گوندھ کر بنائیں بہتر ہے کہ اس پتلہ کو قبرستان میں ہی خشک کریں۔ عمل کے دوران سورۃ العصر لاتعداد پڑھتے جائیں کس طریقہ سے پڑھنی ہے اس بارے میں کئی بار بتا چکا ہوں عین بوقت عمل اس پتلہ کو قبرستان سے چنی ہوئی لکڑیاں جمع کر کے آگ دہکائی جائے اور ساعت عمل میں اس پتلہ کو آگ میں ڈال دیا جائے۔ ادرک لیموں اور پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنے کے بعد اس آگ میں سورۃ العصر پڑھتے ہوئے ڈالتے جائیں جب تک ساعت ختم نہ ہو ورد جاری رکھیں بعد اختتام عمل نمکین شے پر 8 بار سورۃ الھب پڑھیں دونوں ہاتھ اُٹھا کر دعا کریں کہ اے باری تعالیٰ میرے دشمنوں کو میرے لئے مقہور فرما دے میرے دشمنوں پر مجھے غالب کر دے تجھے تیرے پاک کلام کا واسطہ مجھے میرے مخالفین پر غلبہ عطا فرما اگر میں نے یہ عمل ناحق کیا تو مجھے اس عمل کی رجعت سے بچا اور اگر میں درست رستہ پر ہوں تو اس عمل کا اثر فوری ظاہر فرما دے۔

اوج عطارد

جب سیارہ عطارد گردش کرتے ہوئے برج عقرب کے 5 درجہ پر پہنچتا ہے تو یہ سیارہ اوج کی قوتیں حاصل کر لیتا ہے درجہ اوج شرف کے بعد دوسرا سعد درجہ ہے۔ جب یہ سیارہ اپنے اوجی درجہ پر ہو تو اس دوران عطاردی ساعتوں سے مثبت کام لئے جاتے ہیں کیونکہ عطارد سے منسوب تمام سعد امور میں یہ ساعتیں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔

اس دوران اہل علم ذہنی و نفسیاتی امراض کا خاتمہ، اعمال روحانی و سفلی رجعت سے بچاؤ دوران عمل مضبوط حصار کے نقوش تیار کرنے سمیت مقدمہ میں جیت، تعلیمی میدان میں کامیابی، الیکشن اور مقابلوں میں واضح برتری، کند ذہنی کا خاتمہ، ملکی و غیر ملکی سفر میں رکاوٹوں سے نجات نئی ملازمت کا حصول یا جاری ملازمت میں ترقی کیلئے خاص اعمال اور الواح تیار کی جاتی ہیں علاوہ ازیں دوران ملازمت عہدہ سے برطرف کر دیا گیا ہو اور بحالی نہ ہو رہی ہو اس بارے بھی الواح تیار کی جاتی ہیں۔ شرف یا اوج عطارد کی الواح ہمیشہ تانبہ پر تیار کی جائیگی۔

نوٹ) لوح کی پشت پر طلسم عطارد ضرور کندہ کریں۔

اس سال اوج عطارد 04 نومبر بروز ہفتہ رات 00 بجکر 03 منٹ تا شام 15 بجکر 23 منٹ تک رہیگا۔

پہلی ساعت 04 نومبر 04 بجکر 17 منٹ تا 05 بجکر 23 منٹ

رجال الغیب:۔ شمال مغرب

دوسری ساعت 04 نومبر 10 بجکر 57 منٹ تا 11 بجکر 51 منٹ

رجال الغیب:۔ شمال مشرق

حالت قمر

قمر در عقرب: 16 نومبر 13:18 تا 18 نومبر 23:58

ھبوط قمر: 16 نومبر 17:10 تا 15:02

قمر در ثور: 03 نومبر 14:46 تا 05 نومبر 15:25

شرف قمر: 03 نومبر 18:03 تا 19:42

شادی بیاہ کی تاریخیں

3.4.5.6.9.10.11.12.13.18.19.20.24.25.26

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے (ادارہ)

اوجِ عطارد

خاتمہ سفری رکاوٹ بیرون ملک

تحریر
حیدر علی حیدری
(کوئٹہ)

ہر قسم کی بندش اور رکاوٹ دور کرنے کا نادر موقع

قدرت کا ایک عجیب نظام اس دُنیا میں نافذ ہے کہ کسی کو اپنے شہر میں اور کسی کو بیرون شہر روزگار دستیاب ہوتا ہے۔ کئی لوگوں کے بیرون ملک جانے سے ہی قسمت مہربان ہوتی ہے جس طرح چہرے الگ الگ ہیں ۔بولیاں جدا جدا ہیں ایسے ہی مقدر اور قسمت بھی ایک سے نہیں ہوتے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو روزگار تلاش کرنے کے لئے سفر کرنے کا مشورہ خود دیا ہے اور اللہ کے رسول جتنے بھی مبعوث ہوئے ہیں ان تمام نے ہجرت کی ہے۔ایک عام آدمی بھی زندگی کے کسی نہ کسی موڑ پر شہر شہر ضرور گھومتا ہے اور اپنے حصول روزگار میں کامیاب رہتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ ذرائع آمدورفت ہر وقت گردش میں رہتے ہیں اور ایک جم غفیر مسلسل سفر میں رہتا ہے۔

وہ افراد جن کو اپنے شہر یا ملک میں روزگار حاصل نہیں ہوتا اور وہ قسمت آزمائی کے لئے اپنا گھر بار چھوڑ کر کسی دوسری جگہ جانا چاہتے ہیں لیکن مقدر کی بندش کہیں جانے کا راستہ بھی نہیں چھوڑتی، ان خواتین وحضرات کو ایک نادر و نایاب عمل کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے سبب قدم بڑھانے کی سعی کرنی چاہئے۔اس طرح ناکامی کے امکانات ختم ہو جاتے ہیں اور کامیابی کے راستے کھل جاتے ہیں۔کسی عمل کے ذریعے برکت حاصل کرنے کے لئے تنہا تنہا آیات اور ضرورت کے مطابق دو یا تین آیات کو یکجا کر لینے سے دو ہزار کے لگ بھگ عمل تیار ہو جاتے ہیں۔آپ حضرات کو اس سلسلے میں کتنے عمل بتا سکتا ہوں، یہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے لیکن جب سے تحفہ روحانیات کی اشاعت عمل میں آئی ہے میری یہی کوشش رہی ہے کہ آپ کو ہر ایک وقت کے لئے نئے سے نئے عمل بتا سکوں۔اس سلسلے میں آپ کی قسمت اور میری محنت ان شاءاللہ ہمیشہ ساتھ ساتھ رہے گی۔

اس ماہ کا عمل سورۃ الاعراف کی مشہور آیت سے مکمل کر رہا ہوں۔اس آیت کی سب سے جدا اور سب سے بڑی خوبی میں نے یہ دیکھی ہے کہ رزق کی طلب بڑی وسعت کے ساتھ پورا ہونے کا حکم خاص اللہ تعالیٰ کی جانب سے موجود ہے جیسا کہ بارہا میں اس بات کا اظہار کرتا رہتا ہوں کہ آیت میں موجود اللہ کے حکم کے مطابق اس حکم پہ مامور فرشتے اس حکم کی تکمیل ہر اس شخص کے لئے کرتے ہیں جس کے پاس وہ آیت اپنے مخصوص وقت میں لکھی ہوئی ہوتی ہے کیونکہ آیت کے ایک ایک حرف پہ الگ الگ فرشتہ ڈیوٹی دیتا ہے۔اور ان تمام فرشتوں کی تعداد کروڑوں تک جا پہنچتی ہے اور جس انسان کا مقدر کھولنے کے لئے کروڑوں فرشتے متحرک ہو جائیں اور اس پہ اللہ کی رحمتیں نازل ہونا شروع ہو جائیں تو ایسے شخص کے مقدر میں کامیابیوں کا ملنا لازمی ہوتا ہے۔



آپ حضرات نے بنائے گئے نقش کے مطابق اس طرح نقل کرنی ہے کہ خانہ نمبر ایک تا 4 پہلے خانہ میں آیت کا حصہ اور اگلے خانہ جات میں ایک ایک بڑھاتے ہوئے 311، 312، 313 لکھ کر پہلا دور مکمل کرنا ہے۔ دوسرا دور 5 تا 8 چلے گا، اس کو خانہ نمبر 5 میں لکھے گئے اعداد سے ایک ایک بڑھا کر لکھتے جائیں اور خانہ 8 میں آیت کا حصہ کتابت کریں۔ تیسرا دور خانہ نہم سے دوازدہم تک ہے۔خانہ نہم میں 158، دہم میں 159، یازدہم میں صرف آیت کا حصہ اور دوازدہم میں 161 لکھیں۔ چوتھا دور خانہ 13 تا 16 ہے۔خانہ 13 میں 120۔خانہ 4 میں آیت کا حصہ خانہ 15 میں 122 خانہ 16 میں 123 لیجئے۔نقش ذوالکتابت مکمل ہو گیا۔نقش کے اندر لکھنے سے پہلے بیرون لکھائی وقت کے آغاز سے مکمل کرنا شروع کر دیں اور مکمل نظر کے وقت خالی نقش کے اندر بھریں۔اگر بتی سلگائیں پیلا لباس زیب تن کریں یا پیلی چادر پہ بیٹھیں یا پیلا کپڑا سر پہ اوڑھیں۔نقش بنا کر سنبھال کر رکھ دیں۔اگر کوئی فرصت نہ نکال سکے تو وقت گزرنے کے بعد دفتر تحفہ روحانیات سے ہدیہ ادا کر کے تیار شدہ نقش حاصل کر سکتا ہے۔اس سال عطارد کو عروج کی منزل 04 نومبر بروز جمعرات رات 00 بج کر 03 منٹ تا دوپہر 15 بج کر 23 منٹ تک عروج حاصل ہے۔

اختر بک ڈپو، فیصل بازار سرگودھا۔

زہرہ تسدیس زحل

جائیداد اور زرعی پیداوار میں اضافہ

تحریر:۔ علامہ سبط حسن جعفری (گوجرہ)

جائیداد کا حصول زرعی فصلوں کی پیداوار میں اضافہ کیلئے نایاب وقت

زحل زمین و جائیداد سے متعلق ہے اور مریخ قوت و شجاعت سے متعلق ہے۔ میرا برسوں کا معمول ہے کہ ان کی تثلیث کی نظر کے دوران زراعت کی ترقی کے نقوش ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب تیار کرتے ہیں۔ کہ جن کی برکتوں سے فصل کو کیڑا نہیں لگتا اور فصل خوب ہوتی ہے جس کی وجہ سے زمیندار خوش حال اور ملک خود کفیل ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ایسی زمین جائیداد کا حصول بھی ممکن ہے جسے کسی طاقت ور نے دبالیا ہو لہٰذا زمین اور زمینی طاقت دونوں کا حصول ممکن ہے۔ میرا دعویٰ ہے کہ اس نظر کے متعلق اوّل تو کسی نے لکھا ہی نہیں ہوگا اور اگر لکھ بھی دیا ہوگا تو سوائے چند سطور کے بعد تفصیل نہ لکھی ہوگی۔ مگر چونکہ ماہنامہ تحفہ روحانیات کے عزائم یہی ہیں کہ قارئین کو ہر ایک پہلو پر سیر حاصل تبصروں کے ساتھ مضامین مہیا کئے جائیں اس لئے لکیر کے فقیر بنے رہنا ہمارا شیوہ نہیں ہے۔ روحانی رسائل پاکستان میں پون صدی سے شائع ہو رہے ہیں اور اس کی درمیانی مدت کے بھی رسائل مارکیٹ میں موجود ہیں میری نظر میں ماہر روحانیات کے علاوہ روحانی اسکالر کوئی نہیں ہے پھر بھی میں ان سے خوش ہوں کہ ان کے ہاتھ جتنا بھی لگتا ہے، وہ تلاش بسیار کے بعد عوام کی خدمت میں پیش کر دیتے ہیں لیکن ہمارا انداز سب سے جدا اس لئے ہے کہ ہم اپنی تحقیق اور بزرگوں کے تجربات دونوں کو آپ کے سامنے پیش کر دیتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اس وقت علم کے شائقین کی نگاہوں میں ایک اُمید کی کرن رسالہ کی جانب سے نظر آئی ہے۔

تثلیث مریخ و زحل کے دوران اگر کسی طاقت ور کے قبضہ سے زمین و جائیداد واپس حاصل کرنا مقصود ہے تو

"افتح ابواب فتحک لی یا مفتح الابواب"

کے اعداد 1631 کی مثلث تیار کریں اور تین عدد ایک جیسے نقوش لکھیں ایک کمزور شخص اپنے پاس رکھے ایک کو متعلقہ جائیداد میں دبا دیں اور ایک نقش کھلا فریم کروا کر رکھیں۔

طریقہ: ۔ اپنا نام مع والدہ کے اعداد میں تعداد آیت جمع کریں اور مثلث کو آتشی بادی اور خاکی تینوں چالوں کے مطابق مکمل کریں۔ خاکی چال والا نقش زمین میں دفن کر دیں، آتشی چال کو بازو پر باندھیں۔ بادی نقش کو فریم کر کے اپنے گھر پر رکھیں اور اسے اپنے سامنے رکھ کر یہ دُعا پڑھیں۔

یا فتاح یا رزاق ثم تقول ذکر سبحانک لا الٰہ الا بحق الا اسم الاعظم اللہ اللہ اللہ العظیم بدیع السمٰوٰت والارض یا حی یا القیوم (اپنی حاجت کا نام لیں) بحق اللہ الذی کان ولا لیل راج والسماء ذات البروج ذات فجاج و بحق الکواکب الاحم الذی فی السماء۔

پڑھنے کا عمل بروز ہفتہ سے شروع کر کے منگل تک ختم کرنا ہے۔ فجر کی نماز اور عشاء کی نماز بروقت پڑھ کر یہ تسبیح اپنے نام مع والدہ کی تعداد کے مطابق پڑھیں۔ پھر ہفتہ کے دن شروع کریں اور منگل تک ختم کریں۔ یہ عمل اسی طرح جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ تین ماہ کے اندر اندر آپ کی مراد پوری ہوگی۔ 11 مرتبہ کا عمل ہے۔ بتائے گئے طریقہ کے مطابق عمل کریں۔ ماہ رواں میں زہرہ زحل تثلیث 02 نومبر نصف 16 بج کر 44 منٹ پر شروع ہو کر 03 نومبر کے 13 بج کر 31 منٹ پہ عروج یافتہ ہو کر 04 نومبر کو نصف 10 بج کر 18 منٹ پہ اختتام پذیر ہوگی۔

زہرہ قران مشتری

کاروبار یا ملازمت میں قائم نحوستوں کے جمود توڑنے برکتیں حاصل کرنے کا مبارک وقت دستک دے رہا ہے۔

قدرت کی فیاضیوں کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم ہے۔ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ تمام دنیا کے انسان اور جن اپنے رب کی تعریف کرنے کے لئے تمام درختوں سے قلم بنالیں اور تمام سمندروں کی سیاہی بنالیں تب بھی وہ اپنے رب کی تعریفیں لکھتے لکھتے قلم اور سیاہی ختم کر لیں گے مگر تعریف مکمل نہ ہوگی۔

زہرہ اور مشتری کا قران سے جو قوت بخش روشنی جنم لیتی ہے میں اگر ان نظرات کی تعریف میں اپنی زندگی ختم کردوں تو بھی اس نظر کی قائم ہونے والی قوت کی تعریف مکمل نہ کرسکوں گا حالانکہ یہ قدرت کی جانب سے فیاضی کی ایک بات ادنیٰ سی ہے جس کی تعریف لکھنے سے قاصر ہوں چہ جائیکہ رب العظیم کی تعریف لکھوں یہ بالکل ہی ناممکن ہے۔

لہٰذا یہ بات مان لی جائے کہ مریخ و مشتری کے درمیان قائم ہونے والی یہ نظر بہت ہی اہم انعامات میں سے ایک بڑا انعام ہے اور یہ وقت الحمدللہ آپ کی اور میری زندگی میں حاصل ہو رہا ہے۔ اب اگر کوئی اتنے اہم وقت سے فائدہ اُٹھا کر اپنی زندگی کی پریشانیوں کا خاتمہ نہیں کرتا تو اس کی اپنی مرضی ہے ورنہ قدرت تو مائل بہ کرم ہو چکی ہے۔

حصول مال کیلئے یہ اہم اور مؤثر وقت ہے اس وقت کی تاثیر سے وہ لوگ فائدہ حاصل کرسکتے ہیں جو آئرن اور اسٹیل کے ذریعہ روزگار کماتے ہیں۔ مشینری کا کام کرتے ہوں یا کوئی بھی مشینری استعمال کرتے ہوں جیسا کہ انجن یا ٹرک اور ویگن، بس، رکشہ، ٹیکسی ڈرائیور ہوں یا کسی مشینری کے انجینئر ہوں۔ خراد یئے ہوں یا ویلڈر ہوں۔ مکینک یا مستری ہوں یہ سب اس وقت سے اپنی زندگی کا دھارا موڑ سکتے ہیں۔

فوج یا پولیس کے ملازم، خزانچی، بینک ملازم اور کرنسی نوٹوں کے ایسے شعبوں سے منسلک افراد جن کے ہاتھوں روپیہ اِدھر اُدھر حرکت کرتا ہو، اسلحہ کا استعمال یا فروخت کرنے والے افراد کے علاوہ ادویات کی تیاری کرنے والے یا متعدد دھات کی خرید و فروخت کرنے والے اس وقت کی مہربان قوتوں سے اپنے گھر خوشیوں کی نعمت جمع کرسکتے ہیں۔ فی زمانہ لوہے کی دھات نے بے شمار پیشے پھیلا دیئے ہیں، اس لئے ہر وہ چیز جس میں لوہے کا استعمال ہوتا ہو اور اسے استعمال کرنے والے یا خرید و فروخت کرنے والے خوب فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔

وقت مقررہ سے پہلے کسی بھی دن ساعت مشتری میں سکہ، چاندی اور تانبا کی مخلوط پلیٹ بنا کر رکھ لیں، یہ یاد رکھیں کام کوئی بھی ہو اس میں مہارت کسی کسی کو ہوتی ہے اور اگر یہ خاص موقع ہاتھ آیا ہے تو اس میں ایک خصوصیت بھی ہے کہ بڑے بڑے پردہ نشینوں کے نام بھی ظاہر ہو جائیں گے کہ مریخ و مشتری کی نظر میں لکھی جانے والی لوح کون بنا سکتا ہے۔ میرا دعویٰ ہے کہ کوئی بڑے سے بڑا بازاری عامل پروفیسر عہدِ حاضر میں سکہ، چاندی اور تانبا مکس کرکے اس کا پترہ تیار کرکے میں اسے اُستاد مان لوں گا کیونکہ صاحب علم کون لوگ ہیں ان کا پتہ تو آپ کو بھی ہو چکا ہوگا کہ شرف مشتری کے بعد مشتری کی رجعت میں بھی بازاری پیشہ ور پروفیسر اور عاملین لوگوں نے مشتری کی الواح لکھنے کا ڈھنڈورا پیٹا جس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ رجعت کی حالت میں اُلٹا چلتے ہوئے انسان کی رفتار وہ نہیں ہوتی جو سیدھا چلتے وقت ہوتی ہے تو پھر ستارہ کی رجعت میں دولت مندی کیسی؟

لھذا رجعت کی حالت میں لوح مشتری

لکھنے والے اس دعویٰ کو کیا پورا کریں گے وہ تو مشتری کی سفید دھات پر سونا چڑھانے کا اعلان کرتے رہے ہیں جو کہ سراسر شمسی طاقت ہے، اس لئے ہر خاص و عام کو چیلنج ہے کہ وہ تینوں دھاتوں کو یکجا کرکے دکھا دیں کیونکہ سکہ ملائے بغیر اس وقت کی تاثیر کوئی نہیں اُٹھا سکتا اور کوئی کوئی وقت آتا ہے کہ جب استاد کی نشاندہی ہوا کرتی ہے اور نقل مارنے والوں کو بغلیں جھانکنا پڑتی ہیں اس لئے صرف ادارہ روحانیات کو چھوڑ کر باقی کوئی مائی کا لال ایسا نہیں ہے جو عملیات کو دُور یا نزدیک سے بھی جانتا ہو۔ جبکہ دعویداری بہت کرتے ہیں۔ مجھے سب پتا ہے کون کتنے پانی میں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے کہ انسان اپنی زبان کے پیچھے چھپا ہوتا ہے اور لوگوں کی تحریر بتا دیتی ہے کہ کون کتنے اُصولوں سے واقف ہے۔

اس وقت سے وہ افراد بھی فائدہ اُٹھائیں گے جن کے کاروبار میں یا ملازمت میں کئی برسوں سے جمود طاری ہے کیونکہ اس وقت کی روحانیت ان کے روزگار میں برکت کا باعث ٹھہرے گی اور حامل لوح کے پاس روپیہ اتنی شدت سے کھنچا چلے آئے گا جتنا کہ شرف مشتری پاس رکھنے سے ہوتا ہے۔

سورۃ الذاریات کی آیت 58 کے ساتھ اسم اعظم **یا منعم** اوپر والے گھروں میں ہمراہ نام معہ والدہ لکھنا ہے تاکہ آیت میں موجود احکام اور اسم اعظم کی طاقت دونوں اپنی اپنی جگہ کام دکھائیں، مقصد تو انعام حاصل کرنا ہے اور وہ بالکل ملے گا۔

☆ اپنا نام معہ والدہ کے اعداد حاصل کریں۔

☆ اسم اعظم **یا منعم** کے اعداد 200 لکھ لیں۔

☆ **ان اللہ ھو الرزاق ذوالقوۃ المتین** کی تعداد 2233 لکھ لیں۔

یہ تمام عمل ایک ہی نقش میں لکھنے ہیں اس لئے توجہ سے سمجھنے کی کوشش کریں کوشش کریں کہ غلطی کی کوئی گنجائش نہ بچے۔

خانہ نمبر 1 تا 4 اپنا نام معہ والدہ کی تعداد جیسا کہ مثالی نام کی تعداد 601 بنتی ہے۔ چونکہ پہلے خانہ میں مکمل نام معہ والدہ آیا ہے۔ اس لئے اگلے خانوں میں ایک ایک کے اضافہ سے 602، 603، 604 لکھ

حاضرات سورۃ صٓ

تحریر:۔ایس اے شہزاد (پشاور)

محترم دوستو! میں ماہنامہ تحفہ روحانیات کے ہر دلعزیز روحانی لکھاری محترم جناب خضر عباس بیاسی صاحب (راجن پور) کو سلام پیش کرتا ہوں جو کہ عرصہ دراز سے حاضرات کے نایاب عمل قارئین تحفہ روحانیات کو دے رہے ہیں۔شعبہ روحانیات میں حاضرات ایک بہت وسیع علم ہے۔جس سے متعلق اکثر و بیشتر ماہنامہ تحفہ روحانیات میں لکھاری حضرات اپنے تجربات شائع کرواتے رہتے ہیں۔ اس ماہ میں اپنے پڑھنے والوں کی خدمت میں حاضرات کا ایک خاص عمل شائع کروا رہا ہوں۔اُمید کرتا ہوں کہ قارئین مکمل توجہ اور دھیان سے اس عمل کی قوت سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

حاضرات سورہ صٓ کا تین روزہ عمل منگل، بدھ، جمعرات تین روز رکھیں ان تینوں دنوں میں بعد از نماز عشاء سورہ صٓ کا 1000 مرتبہ پڑھیں ہر روز 333 مرتبہ پڑھیں اور آخری روز 334 مرتبہ پڑھیں اور لِ و آخر 11,11 مرتبہ درود شریف پڑھیں، عمل پڑھیں سے قبل اپنے گرد حصار کر لیں دوران وظیفہ پرہیز جلالی و جمالی کریں، اس عمل کے لئے کمرہ علیحدہ ہو۔ ان تین دنوں میں صاحب وظیفہ کو چاہیے اس کمرے میں رہیں لوگوں سے ہر گز نہ ملے کسی بھی نامحرم عورت کی نظر آپ پر نہیں پڑنی چاہیے عمل کے دوران ایسی عورت کے نزدیک نہ جائیں جسے ماہواری آ رہی ہو ان تین دنوں میں کسی پرہیز گار کا پکا ہوا کھانا استعمال کرنا چاہیے عمل کیلئے کمرہ علیحدہ ہو کسی قسم کا دنیاوی خیال دل میں نہ لائیں سورہ صٓ کو زبانی یاد کر لیں تو بہتر ہے دوران وظیفہ اگر روح حاضر ہو تو ہرگز بات نہ کریں اگر کوئی چیز دے تو ہرگز نہ لیں آخری روز ایک روشن نور جاہ جلال کے ساتھ انسانی شکل میں حاضر ہوگا اس کا قد چھوٹا اور ہاتھ لمبے ہوں گے۔اور سلام کرے گا اپنا دل مضبوط رکھیں کیونکہ اس کی ہیبت بہت سخت ہوگی یہ جنات کا بادشاہ ہے۔حضور کے ہاتھ پر مسلمان ہوا تھا اس جن کا نام ابو یوسف ہے اسے کہیں کہ ہمارا حق آپ پر واجب ہے ہماری مدد کرنا آپ پر فرض ہے۔ان شاء اللہ وہ اپنے ساتھیوں کو حکم دے گا۔یہ جنات کام جلدی کر دیں گے۔صاحب وظیفہ کو اس پر قناعت کرنی چاہیے شہنشاہ جنات کو بار بار طلب نہ کریں اشد ضرورت کے وقت طلب کریں۔

ان شاء اللہ آئندہ بھی دوستوں کی خدمت میں اپنے مجرب اعمال پیش کرتا رہونگا اللہ تعالیٰ سب دوستوں کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور تحفہ روحانیات ہمیشہ حاسدین کی نظر بد سے بچائے۔(آمین)

کر پہلا دور ختم کرنا ہے۔دوسرا دور خانہ 5 سے شروع ہو کر 8 پر ختم ہوگا اس لئے خانہ 5 میں 197 خانہ 6 میں 198، خانہ 7 میں 199 ، خانہ 8 میں یا منعم لکھا۔اب تیسرا دور 9 سے خانہ 12 تک چلے گا۔اس لئے خانہ میں 1765 لکھیں، خانہ 10 میں 1766 لکھیں، خانہ 11 میں ذوالقوۃ المتین لکھیں کر خانہ 12 میں 1768 لکھ دیں۔اب چوتھا دور خانہ 13 سے 16 تک چلے گا۔اس لئے خانہ 13 میں 465 لکھیں، خانہ 14 میں ان اللہ ھو الرزاق لکھیں۔خانہ 15 میں 467 لکھیں اور خانہ 16 میں 468 لکھیں۔ لیجئے نقش ذوالکتابت مکمل ہو گیا، اسے معطر کر کے اپنے پاس رکھیں اور کثرت کے ساتھ کھلا در دیا منعم تین روز پڑھیں، بعد میں عشاء، فجر، ظہر کی نمازوں کے بعد 200 مرتبہ یا منعم ہمیشہ پڑھا کریں۔نقش کی تیاری میں مشتری اور مریخ کے بخورات روشن کریں۔چاروں جانب فرشتگان، خدام اور قولہ الحق دونوں جانب حروف مقطعات اور نیچے اپنا مقصد لکھیں اگر کوئی اتنی تفصیل کے بعد بھی خود نہ بنا سکے تو ادارہ روحانیات سے رجوع کریں۔



اس مرتبہ زہرہ و مشتری قران 12 نومبر کی 14 بجکر 02 منٹ پر شروع ہو کر 13 نومبر کی 16 بجکر 15 منٹ پہ عروج یافتہ ہو کر 14 نومبر 12 بج کر 21 منٹ پہ اختتام پذیر ہوگا۔

کراچی اور گرد نواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
گلستان نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، کراچی
0300-2680248 / 021-2733755

زہرہ مشتری قران

تسخیر دولت و محبت

سعد ستاروں کا سعد ملاپ

تحریر:۔ حکیم علامہ حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء (کراچی)

محترم قارئین السلام علیکم! تمام قارئین تحفہ روحانیات کو نیا اسلامی سال مبارک ہو اور اللہ پاک سے دُعا ہے کہ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اور جملہ اہل بیت کے صدقہ ہم سب پر رحم فرمائے۔ محترم قارئین قرآن پاک میں 40 سے زیادہ مقامات پر وقت کا ذکر آیا ہے اور وقت کی سعادت اپنے اندر بے پناہ اثر رکھتی ہے، یہی وجہ ہے کہ ماہر علم وفن عالم علوی پر ظہور ہونے والے سعد اثرات کو عالم سفلی (مادی دنیا) پر موافق مادہ مہیا کر کے محفوظ کرتے ہیں جسے نقش وطلسم کا نام دیا جاتا ہے۔

پچھلے چند ماہ سے میری کوشش رہی ہے کہ قارئین کے لئے خاص نظرات واوقات کی نشاندہی کرتا رہوں تا کہ آپ حضرات آسانی سے فائدہ حاصل کر سکیں لہٰذا اس ماہ 12 نومبر سے 15 نومبر کے درمیان حسن وعشق محبت وتسخیر خلق کا مؤنث ستارہ زہرہ اور علم ودانش ترقی دولت کا مذکر ستارہ مشتری کا سعادت بھرا قران موجود ہے، مزید حسن اتفاق یہ ہے کہ یہ سعد قران ویدک (ہندی) سسٹم اور ویسٹرن (یونانی) سسٹم میں بروج درجاتی تبدیلیوں کے ساتھ ایک ساتھ آرہا ہے۔ مگر ویدک سسٹم کے مطابق یہ قران زیادہ باقوت ہوگا کیونکہ زہرہ اپنے برج وعقرب میں ہوگا اور اسی جگہ مشتری بھی موجود ہے۔ لہٰذا میزبان ومہمان دونوں ہی طاقت ور پوزیشن میں موجود ہیں اور یونانی سسٹم کے مطابق یہ قران برج عقرب میں ہوگا۔

عزیزانِ من! جیسا کہ اُوپر ذکر کیا کہ مشتری مذکر ستارہ ہے اور مرد سے منسوب ہے اور زہرہ مؤنث ہے عورت سے منسوب ہے۔ لہٰذا ان دونوں کے درمیان سعد نظر محبت وجذب القلوب اور دلوں میں پیار پیدا کرنے کے لئے معاون ومددگار ہوتی ہے۔ چنانچہ اس وقت میں جعفری طریقے اختیار کر کے 2 افراد یا میاں بیوی کے درمیان اتفاق وخلوص ومحبت پیدا کی جاسکتی ہے یا پسند کی جگہ شادی کے لئے کوشش کی جاسکتی ہے۔ ناراض محبوب کو راضی، یا کسی اُجڑتے ہوئے گھر کو آباد کیا جاسکتا ہے۔ خصوصاً اس وقت جب دنیاوی اور حادثاتی طور پر دونوں کے درمیان اختلاف رائے زیادہ ہوگیا ہو اور حالات اس قدر خراب ہوگئے ہوں کہ وہ علیحدگی کے بارے میں سوچنے لگے۔ اسی طرح پسند کی جگہ شادی کے لئے بھی محبوب یا مخالفین کے دل میں جگہ بنانے کے لئے ان اعمال ونقش سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ آپ پسند کی جگہ شادی کی اہلیت نہ رکھتے ہوں اور صرف اپنی پسند کے حصول کے لئے روحانی کوششیں کریں ایسے حضرات کو ان اعمال سے کوئی فائدہ نہیں مل سکتا۔ ویسے بھی اصول یہ ہے کہ پہلے مادی طور پر کوشش کی جائے اس کے بعد روحانی مدد حاصل کی جائے اور یہ ہی طریقہ عزت، دولت، کشادگی رزق کے کاموں پر مؤثر ہے، کوئی شخص مادی طور پر کوشش، محنت، مزدوری نہ کرے اور گھر بیٹھ کر مختلف قسم کی لاٹریوں کے چکر میں رہے اور سوچیں کہ دولت راتوں رات مل جائے گی یہ اس کی خام خیالی ہے۔ البتہ خاص اوقات نظرات میں برکت وترقی کے اعمال سے ایسے لوگوں کو ضرور فائدہ ہوتا ہے جو محنت سے اپنے کام کاج میں لگے رہتے ہیں ان اعمال سے ان کی دولت کے ذرائع بڑھ جاتے ہیں۔ زہرہ ومشتری کا قران محبت کے اعمال کے ساتھ ساتھ تسخیر دولت وکشادگی رزق کے لئے بھی فائدہ مند ہے جو لوگ شرف مشتری میں مشتری کی لوح سے فائدہ حاصل نہ کر سکے وہ اب کر سکتے ہیں۔

قارئین کے لئے اس بار 2 **عمل محبت 2 عمل رزق و دولت** پیش کر رہا ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ دونوں سسٹم کے مطابق زائچہ کے حساب سے زہرہ ومشتری کے اوقات خاص بھی خدمت میں حاضر ہیں تسخیر خلق ومحبتِ زن کے لئے زہرہ کے اوقات لئے جائیں اور کشادگی رزق ودولت میں مشتری کے اوقات پر عمل کیا جائے۔ اعمال محبت میں مطلوب مرد ہے تو مشتری اور اگر مطلوب عورت ہے تو زہرہ کے اوقات کو نظر میں رکھیں۔

پہلا عمل نقشِ محبت و جذب القلوب ہے۔ بے پناہ تاثیر ہے۔ **نقش نمبر 1** جیسا کہ درج ہے ویسے ہی وقتِ زہرہ میں لکھ لیں، نقش کے نیچے عربی عبارت لکھیں، پہلے فلاں بن فلاں میں طالب کا نام دوسرے میں مطلوب کا نام اور آخر میں فلاں بن فلاں میں طالب کا نام لکھ کر نقش محفوظ کر لیں، نقش کو چاندی یا عمدہ کاغذ پر بنائیں، نقش پہننے کے بعد تصورِ مطلوب کے ساتھ روز تسمیہ کا ورد 786 مرتبہ کریں 21 یا 48 دن کریں۔

نقش نمبر 2 مثلث برنیہ کے طریقہ کے پر بنایا گیا ہے اس خاص نقش میں کمال یہ ہے کہ طالب ومطلوب یا مقصد کے اعداد قائم رہتے ہیں اور اعداد کی مکمل نقش اس آیت یا اسم کا ہوتا ہے جو مقصد کے لئے لی گئی ہو، وضاحت مثال کے ذریعے حاضر ہے۔ دیئے گئے مثالی نقش میں خانہ پُری

کو غور سے دیکھیں جس میں طالب کے اعداد قمری 2.1 کو اضافے کے ساتھ خانہ 1،2،3 میں پُر کیا اس طرح مطلوب کے اعداد قمری 83 کو ترتیب وار خانہ 4،5،6 میں پُر کیا اب چونکہ نقش محبت و تسخیر کا ہے تو آیت والقیت علیک محبة منی کے اعداد 2123 لئے اب کرنا یوں ہے کہ نقش کا خانہ 2 اور خانہ 6 کے اعداد کو جمع کریں جیسے مذکورہ نقش میں 85 اور 202 کو جمع کیا تو 287 ہوئے اس اعداد کو آیت کے اعداد سے نفی کیا تو حاصل 1836 آیا اور ان 1836 کو خانہ 7 میں 1837 کو خانہ 8 اور 1838 کو خانہ 9 میں پُر کر کے نقش مکمل کر لیا اور نقش کی میزان آیت مقصد کے اعداد کے مطابق آئی اسی طور پر آپ نام مع والدہ کے ساتھ نقش پُر کر لیں اور روزانہ تصور مطلوب کے ساتھ 1.7 مرتبہ آیت کا ورد کریں، اسی طریقہ پر عمل کرتے ہوئے۔

نقش نمبر 3 دولت کے لئے استعمال کریں۔ اس کے بعد نقش نمبر 4 جو کہ آیت اللہ لطیف بعبادہ کا ہے اسے درج ذیل طرز پر ذوالکتابت پُر کر لیں بہتر ہے کہ نقش کو چاندی پر بنایا جائے اور نقش کی پشت پر زہرہ و مشتری کا طلسم اور موکلات یا عینیائل ذوبعہ ابیض اور صرفیائیل السید شمھورش لکھا جائے۔ اور اسم لطیف کا ورد 129 مرتبہ معمول بنا لیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد فوائد ظہور پذیر ہوں گے۔



بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ الر الر كهيعص مالك يوم الدين طسم طسم طسم اياك نعبدو اياك نستعين الم الم المرأهدنا الصراط المستقيم يٰس ق ن صراط الذين أنعمت طس طسم عليهم غير المغضوب عليهم ولاالضالين امين امين توكلو يا خدام هذة السورة الشريفة والاحرف النورانية والقومحبة فلان ابن فلانة فى قلب فلانة بنت فلانة حتى لا يستقر لها حال ولا قرار ولا مكان ولا ياخذها هدوء ولا صبر عن محبة و عشق و طاعة فلان ابن فلانة بحق سرالفاتحة وما فيها من الاسماء العظام والاحرف النورانية۔

نقش نمبر 2



نقش نمبر 3

نقش نمبر 4



تمام قارئین سے گذارش ہے کہ کوئی بھی عمل بنائیں مجھے اور جناب محترم محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور ان کی مکمل ٹیم کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں کیونکہ ان عظیم حضرات کی محنت و کوشش سے علم کے موتی آپ تک پہنچتے ہیں۔ قارئین سے ایک اور گزارش ہے کہ اگر مجھ ناچیز کے اوقات کے مطابق دیئے گئے اعمال آپ حضرات کو پسند ہیں تو ضرور مطلع فرمائیں تاکہ قارئین کیلئے مزید محنت کرنے میں ہمیں خوشی محسوس ہو۔ والسلام

دم علیؑ علیؑ

تحریر:۔ فقیر سردار خان بھاگناڑی (بلوچستان)

تحفہ روحانیات پڑھنے والے تمام دوستوں کو سلام عرض کرتا ہوں میرے محترم دوستوں میں مولائی آدمی ہوں اور کوشش ہوتی ہے کہ محمد وآل محمد کے صدقے اہل بیت کی نسبت جو اعمال ملے وقتاً فوقتاً آپ دوستوں کی خدمت میں پیش کرتا رہوں گزشتہ دنوں بھی میں نے چند اعمال تحفہ روحانیات میں شائع کروائے جنہیں میرے کئی دوستوں نے پسند کیا۔ اسی سلسلہ کو مزید بڑھاتے ہوئے ایک ایسے عمل کے ساتھ حاضر ہوا ہوں جو یقیناً آپ کو پسند آئیگا لیکن ایک بات کہوں کہ جب تک دل میں محبت اہل بیتؑ نہ ہو عمل اپنا اثر نہ دیگا میں کسی فرقہ کی بات نہیں کرتا لیکن یہ ضرور کہونگا کہ مسلمان ہونے کیلئے حُب آل نبیؐ ضروری ہے۔ جو عمل میں پیش کر رہا ہوں اس عمل کی قوت و برکت سے ہر قسم کا جادو چاہے اس جادو کی نوعیت سفلی ہو ' کالا ہو یا تعویزات زمین میں دبے ہوں یا درخت سے بندھے ہوں گھول کر پلا دیا ہو یا نامعلوم مقام پر دفن کئے گئے ہوں اور اُن اثرات کی وجہ سے کوئی بھی شخص مختلف آفات' مصیبتوں میں گھرا ہوا ہو مثلاً اس جادو کی وجہ سے گھر کا سکون ختم ہو چکا ہو میاں بیوی میں لڑائی جھگڑے ہوتے ہوں یا اولاد نافرمان ہو یا گھر میں بیماریاں ہوں یا کاروبار بند ہو چکا ہو یا اولاد پیدا نہ ہوتی ہو' من پسند شادی کرنا چاہیں اور مخالفین زیادہ ہوں۔ غرض کسی بھی قسم کی مالی مشکلات ہوں یا نوکری کی تلاش ہو یا بیرون ملک سفر کا ارادہ ہو لیکن اسباب پیدا نہ ہوتے ہوں۔ جو عمل میں پیش کر رہا ہوں اُسکی برکات یہ بھی ہیں کہ اگر کسی پر جنات کے اثرات ہیں یا کسی گھر یا مکان میں جنات ہیں اور وہ جنات چاہے کتنے ہی سرکش ہوں اس عمل کی قوت سے چند ہی دنوں میں بھاگ جاتے ہیں۔ پانی پر دم کریں تو آب شفا بن جائے گا۔ حاضرات کروانا چاہیں تو لاجواب حاضرات ہو گی لیکن سب سے پہلے اس عمل کی زکات دینا ضروری ہے جس کیلئے اجازت ماہر روحانیات سے لیں کیونکہ اجازت کے بغیر یہ عمل کام نہ کرے گا اس عمل کی اجازت اس وجہ سے ضروری ہے کہ عمل کو مسخر کرنے والے کا کل وزن صاحب اجازت یعنی اجازت دینے والے کے سر پر چلا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے عمل کرنے والے کو عمل میں کامیابی 100 فیصد یقینی ہو جاتی ہے۔ بلا اجازت کرنے کی وجہ سے اپنی ہی اعمال کی بندش اور اپنے عمل کے وزن کی وجہ سے ایک تو عمل میں کامیابی نہیں ہوتی اور دوسرا رجعت میں مبتلا ہونے کا شدید خطرہ ہوتا ہے۔

عمل شروع کرنے کا بہترین وقت شام 5 بجے یا صبح 5 بجے ہے۔ اس عمل کی ترکیب اس طرح ہے کہ مقررہ وقت پر برہنہ سر ہو کر لباس سیاہ زیب تن کرے۔ شمال مغرب کونے کی جانب اپنا رُخ کریں با ادب کھڑے ہو جائیں۔ 110 کی شیرنی پر نیاز مولا علی کی دلائیں۔ اب 14 بار دُعائے ناد علیؑ کا ورد کریں۔ حصار دُعائے ناد علی کا لگائیں۔

عبارت عمل:۔ مسیت من محمدؐ' میدان من علیؑ' کل دفتر محمدؐ' لوح لجقر علیؑ 'در علیؑ دیوان علیؑ' مدد میری شاہ علیؑ' اسد اللہ تیرا نام علیؑ' سُن کر نعرہ یا علی' سر سے کل بلا ٹلی' شاہ مرداں شیر یزداں قوت پرور دگار لا فتاح الا علی لا سیف الا ذوالفقار' مشکل میری کو حل کرو یا مشکل کشاء علیؑ' یا علیؑ یا علیؑ یا علیؑ

میرے محترم دوستوں یہ عمل 21 رمضان یا 18 ذی الحجہ کو کیا جائے تو نہایت قوی اثرات ملتے ہیں اور اگر اس عمل کے آغاز سے قبل لوح ناد علی بنوا کر اپنے پاس رکھیں لیں تو عمل کی قوت 200 گنا بڑھ جائیگی۔ عمل میں کامیابی کے بعد کسی سے ذکر نہ کریں مدت عمل 21 دن ہے اس دوران خواب کی حالت میں یا جاگتے ہوئے خوفناک شکلیں نظر آتی ہیں بعض اوقات دوران عمل ایسی مشکلات اور دھیان بھی آتے ہیں کہ صاحب عمل بروقت اپنے مقام عمل تک نہیں پہنچ سکتا یا عین ورد کے اوقات میں ضروری کام پڑ جاتے ہیں کہ پڑھائی کا وقت کم یا زیادہ کرنا پڑتا ہے مثلاً کبھی 05 بجکر 10 منٹ یا کبھی 05 بجنے میں 10 منٹ ہوتے ہیں۔ مقام عمل پر ضروری ہے کہ 1 منٹ کا بھی فرق نہ آئے یہ عمل جتنا قوی ہے اصول عملیات پر عمل نہ کریں گے تو اتنا ہی جلدی باطل ہو جائیگا۔ میری کوشش ہوتی ہے کہ آپ لوگوں کے لئے نایاب ترین اعمال تحفہ روحانیات کے ذریعے آپ تک پہنچاؤں۔ کوئی بات نہ سمجھ آئے تو جوابی لفافہ کوپن کے ہمراہ ادارہ بھیج کر معلومات لے لیں۔

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

قارئین تحفہ روحانیات! آپکی جانب سے خطوط ملتے رہے جس میں اکثر نے میری طبیعت کے بارے میں سوالات کئے اللہ کا شکر ہے کہ اب آپ بھائیوں کی دعاؤں سے اب میں پہلے سے بہتر ہوں۔ اسی لئے اپنے چاہنے والوں کی خدمت میں دوبارہ حاضر ہوا ہوں جس میں چند مجرب وظائف اور نایاب منتر شامل ہیں کیونکہ منتروں کے شائقین غیر مسلم حضرات نے بھی مجھے کافی خطوط لکھے تاکہ وہ بھی اپنے مسائل حل کر سکیں۔

تسخیر خلائق ' کشائش رزق

طریقہ عمل: ۔نماز فجر کے بعد پہلے گیارہ بار درود شریف پھر اس کلام کی ایک تسبیح پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف کے بعد اُٹھ کھڑے ہوں دوپہر ہونے سے ایک کلو گوشت کسی قبرستان میں درختوں کی جڑوں میں تھوڑا تھوڑا ڈال دیں اس کے بعد وضو کر کے گھر میں یہ طریقہ ہر سات دن بعد کرنا ہے، عمل کی قوت آپ کو گیارہ دن کے بعد ظاہر ہونا شروع ہو جائے گی، چالیس دن ہر قسم کا جلالی جمالی پرہیز کرنا ہے ورنہ کامیاب نہیں ہوں گے۔

ایک چلہ کے بعد پرہیز کی کوئی ضرورت نہیں لیکن عمل پڑھتے رہیں، جب تک وِرد رکھیں گے اثر رہے گا، جب چھوڑ دیں گے تو اثر جاتا رہے گا جو شوقین حصول روحانیت تسخیر میں اَب تک ناکام ہو چکے ہیں وہ کریں عمل کی تعریف کئے بغیر نہیں رہیں گے جو کہتے ہیں عمل درست لوگ نہیں بتاتے اُن کے لئے آب حیات کا درجہ رکھتا ہے۔ ذیل کا عمل کرنے سے پہلے مجھ سے اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے لازمی رابطہ کریں۔

عمل: ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا وَدُوْد قُل ھُوَ اللّٰہُ اَحَدُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا وَدُوْد قُل ھُوَ اللّٰہُ اَحَدُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا وَدُوْد لَم یَلِدْ وَلَم یُوْلَدْ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا وَدُوْد وَلَم یَکُن لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

خزانہ غیب ملے

طریقہ عمل: ۔اسم مبارک یَابَاسِطُ کو کاغذ کے ٹکڑوں پر روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس بار لکھا کرے، پھر چھوٹی آٹے میں گولی بنائے اور دریا میں ایک ایک کر کے ڈال آیا کرے، اس کام کیلئے ایک وقت مقرر کریں، یہ عمل چالیس روز کریں اور روزانہ رات کو سونے سے پہلے چارپائی پر بیٹھ کر اس اسم کو تین ہزار ایک سو پچیس بار پڑھ کر سویا کرے ایک چلہ کے بعد سرہانے کے نیچے روپے ملا کریں گے جو اس دن ملیں وہ روزانہ شام تک خرچ کر لیا کریں اگر بچا کر رکھیں گے تو دست غیب بند ہو جائے گا۔

اس عمل میں کوئی پرہیز نہیں جو شریعت نے حلال کیا ہے کھایا کریں، اس سے آسان دست غیب کا عمل ملنا مشکل ہے، بے روزگار کریں روزگار مل جائے گا فارغ نہیں رہے گا، اَن پڑھ آدمی کیلئے یہ عمل آب حیات ہے۔

مال دار ہونے کا منتر

طریقہ عمل: ۔کچھ لوگ بڑے وظائف پڑھنے سے گھبراتے ہیں اور چھوٹے منتر کو حاصل کرنے کیلئے عاملوں کے در کی ٹھوکریں کھاتے ہیں کہ زبردست منتر حاصل ہو اور ہماری زندگی میں خوشیاں ہی خوشیاں آ جائیں ان کیلئے ذیل کا منتر شائع کروا رہا ہوں ذیل کا منتر بہت مجرب ہے۔ کامیابی حاصل کرنے کے بعد کسی بھی غریب کو ہفتہ میں ایک بار کھانا لازمی کھلائیں۔ ہمیشہ فائدہ ملتا رہیگا۔

اِس منتر کو جاپ کرنے کیلئے کہیں ویران جگہ یا دریا کے پاس جانے کی ضرورت نہیں ہے، رات سونے سے پہلے اپنے بستر پر بیٹھ کر دو ہزار 2000 بار وِرد کر کے سو جائیں، اکیس دن کے بعد اس کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہوں گے، اپنے مال سے غریبوں کی مدد کو شعار بنائیں گے تو زیادہ فائدہ ہوگا، غلط کام میں اپنا مال خرچ کریں گے تو دست غیب بند ہو جائے گا، پھر کبھی دست غیب کے کسی بھی منتر یا عمل میں کامیابی نہیں ہوگی۔

شمع بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد 0300-7230290
ادارہ روحانیات

نوٹ) یہ منتر بہت جلالی ہے، خیال رکھیں اس منتر کو جاپ سے تین دن پہلے بڑا گوشت کھانا چھوڑ دیں اور لہسن پیاز چٹنی کا استعمال بند کر دیں۔

عبارت عمل : آمائی کالیکاں کھول نوٹاں والا کال کا کھاویے تیرا بالیکا

اس منتر کے جاپ میں کسی حصار کی ضرورت نہیں غصہ کنٹرول کریں کسی سے لڑائی جھگڑا نہ کریں۔

غیب سے مٹھائی منگوائیں

ضروری نوٹ) یہ منتر صرف ہندو عیسائی پڑھ سکتے ہیں، مسلمان اس عمل سے پرہیز کریں کیونکہ تحفہ روحانیات رسالہ صرف مسلمانوں کیلئے نہیں ہے یہ سب قوموں کیلئے ہے، ہر آدمی اس سے فیض حاصل کر سکتا ہے اور اپنا مقصد عمل کر کے حاصل کر سکتا ہے اس لئے یہ منتر لکھا جا رہا ہے۔

طریقہ کار: ۔ذیل کا منتر جاپ کرنے سے قبل سورج نکلنے سے پہلے مشرق کی طرف منہ کر کے علی الصبح صرف (49) انچاس بار جاپ کرنا ہے، عمل جاپ کرنے کے بعد اپنے عقیدے کے مطابق عاجزانہ انداز میں اپنے لئے دُعا مانگیں۔ روزی غیب سے آئے گی۔ منتر یہ ہے:

کالی کنکالی میرے بسد رایالی
چار بھیروں چوراسی تب پوجوں پان مٹھائی
اب بولو کالی کی دھائی

رزق روزی ملے

ضروری نوٹ) یہ منتر مسلمانوں کیلئے نہیں ہے، اس کی اجازت صرف عیسائی، ہندو، سکھ کو ہے۔ پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ غیر مسلم حضرات کے کافی خطوط موصول ہوئے تھے کہ ہمارے یہ مسائل ہیں لہذا اپنے اُن غیر مسلم بھائیوں کیلئے اُنہی کے مذہب کے مطابق منتر شائع کروا رہا ہوں تا کہ اُن کی بھی دلی خواہشات پوری ہو سکیں۔

طریقہ کار: ۔ذیل کا منتر سورج نکلنے سے پہلے ایک سو آٹھ بار جاپ کریں اور اپنے چاروں اطراف پھونک مار دیا کریں۔

جو غیر مسلم بھائی یہ عمل کریگا اُسکی غیب سے مدد ہو جائے گی، روزانہ پڑھنا شرط ہے، اپنے عقیدے کے مطابق صبح جسم اور کپڑے پاک کر کے پڑھا کریں۔ منتر یہ ہے:

اَونگ نَمُو بھگوتیِ پَدما دَتیَ
اَونگ ھریَنگ سَریَنگ پُور بائے
وَچھائے اَترآئے آن پُورَن سَراب
جَن ھیدَنگ کَر کَر سَوَاھا

جب اپنے لئے دعا کریں تو اس وقت تحفہ روحانیات کے بانی کو نہ بھول جائیں ان کیلئے بھی خیر و برکت اور اس ادارے کی ترقی کیلئے دُعا لازمی کریں۔ جن کے ذریعے آپ کو عملیات گھر بیٹھے مل رہے ہیں۔

مجرب اعمال

تحریر:۔شاہینہ کنول (ملتان)

قارئین تحفہ روحانیات کیلئے چند مجرب اعمال پیش کر رہی ہوں۔ میری جانب سے شائع کردہ یہ تمام اعمال 100 فیصد رست ہیں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہ ہے۔ ان تمام اعمال کی عام اجازت ہے۔

قوما (نیند کی زیادتی) کا علاج

یہ ایک دماغی اعصاب کی بیماری ہے۔ مریض غیر طبعی طور پر اس قدر بے خبر ہو کر سوتا ہے کہ جگانا دشوار ہو جاتا ہے اس کے بے شمار اسباب ہوتے ہیں۔ مثلاً امراض گردہ و جگر فساد خون ہضم دماغی و جسمانی محنت کی زیادتی۔ اختناق الرحم۔ منشیات کا استعمال وغیرہ یہ بیماری سکتہ کا پیش خیمہ ہو سکتی ہے۔ سورۃ کہف کا آخری رکوع (**آفحسب الزین کفروا ان یتخزوا عبادی من دونی اولیاء**) پورا رکوع سوتے وقت پڑھ کر سوئیں ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

فالج کا علاج

قلعی دار تانبے کی پلیٹ میں مشک و گلاب سے لکھ کر پھر پاک پانی سے دھو کر فالج والے پر وہ پانی چھڑکا جائے تو ان شاء اللہ فائدہ ہوگا آیت یہ **قد نری تقلب** سے **یعلمون** (پارہ نمبر 2 آیت 143) جو اس کے پتوں پر **القادر المقتدر القوی القائم** کو سو بار لکھ کر ان پتوں کو زیتون کے تیل میں جوش دیکر مفلوج کی مالش کی جائے ان شاء اللہ نفع ہوگا۔ ابن قتیبہ رحمہ اللہ نے ایک مفلوج سے نقل کیا ہے کہ میں نے زمزم کے پانی سے ایک برتن میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** اور آخر میں سورۃ حشر کی آیات۔

فوائد بسم اللہ شریف

تحریر: ۔سحر کاظمی (اسلام آباد)

بسم اللہ کے کل ۱۹ حروف ہیں جو کہ یہ ہیں۔

ب،س،م،ا،ل،ل،ہ،ا،ل،ر،ح،م،ن،ا،ل،ر،ح،ی،م

ان تمام حروف کو جو کہ مکرر ہیں علیحدہ کیا تو پھر،

ب،س،م،ا،ل،ہ،ن،ر،ح،ی رہ گئے۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اسم اعظم میں اتنا فرق ہے جتنا کہ آنکھ کی سفیدی اور سیاہی میں فرق ہے۔ قرآن پاک میں ہے۔اے محبوب ﷺ! کہہ دو ان سے کہ چاہے رحمٰن کہہ کے پکارو، چاہے رحیم کہہ کر یہ وہی اللہ ہے بس تم کو اختیار ہے کہ اللہ کہو یا رحمٰن۔ کیونکہ اللہ ربوبیت اور رحمانیت کی دونوں صفتوں کا جامع ہے اللہ کا ہر نام بزرگ ہے اگر تم کو اللہ کی رحمت درکار ہو تو پھر یا رحمٰن کہہ کر پکارو۔

ب: بسم اللہ کی "ب" کو اگر ہرن کی کھال پر ہزار بار لکھیں اور دشمن مع والدہ کا نام لکھیں تو ان شاء اللہ دشمن دفع ہو جائے گا۔ قیدی کی رہائی ہوگی۔ کاروباری حضرات، ڈاکٹر، حکیم اس کا وظیفہ رکھیں تو شفا ملے کاروبار زیادہ چلے۔

س: "س" کو ۲۱ مرتبہ پیپل کے درخت کے پتے پر لکھیں اور ساتھ گمشدہ کا نام لکھیں۔ گمشدہ جلد واپس آجائے گا۔ ہر مصیبت اور مشکل کی آسانی کے لئے بکثرت پڑھیں کسی کو اپنی طرف راغب کرنے کے لئے ۷۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

م: کمر درد والے حضرات روزانہ ۷۸۶ بار پڑھ کر ہاتھ پر دم کریں اور ہاتھ کمر پر پھیریں تو کمر درد جاتا رہے گا۔ جس عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو وہ عورت ۷۰ مرتبہ لکھ کر کمر سے ساتھ میں ۷۰ مرتبہ روزانہ پڑھے کم از کم ۷ ماہ تک ورد کرتی رہے۔

الف: آنکھ کھولتے ہی بستر پر لیٹ کر ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں تو صاحب ثروت ہوں گے۔ ہر مشکل کا آسان کرنے کے لئے بے شمار مرتبہ پڑھنے سے مشکل آسان ہو جائے گی۔ آدھے سر کا درد کے لئے اگر ۵ بار ماتھے پر الف لکھیں اور دم کر دیں تو سر کا درد جاتا رہے گا۔ ملازمت میں ترقی کے لئے ہر روز ۱۱۱ مرتبہ پڑھیں۔

ل: چھری پر ۷۱ مرتبہ لکھیں اور دم کریں اور کسی بچے کو نظر لگی ہوئی ہو تو چھری سے اتار دیں بچے کو فوراً سکون مل جائے گا روزانہ ۴۱ روز ۲۰۰ مرتبہ دشمن کے گھر کی طرف منہ کر کے پھونک مار دیں تو دشمن سے نجات حاصل ہو گی۔ شادی کے بعد دلہن جب سسرال جانے لگے تو ۹۲ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرے اور ہاتھ پورے جسم پر پھیرے انشاء اللہ سسرال میں محبت ملے گی۔ زندگی سکون سے بسر ہوگی۔

ہ: اگر ۴۰ مرتبہ قبرستان کی مٹی پر دم کرے اور مٹی دشمن کے گھر ڈال آئے تو دشمن کا گھر برباد ہو جائے گا۔ وہ اپنی آگ میں خود جلتا رہے گا۔

ن: بچہ بہت زیادہ روتا ہو یا دودھ سے نفرت ہو تو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ بچہ ٹھیک ہو جائے گا۔ بدکردار، عورت، مرد کو پانی پر روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر پلانے سے فائدہ ہوگا۔ غصہ کم کرنے کے لئے ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے غصہ کم ہو جائے گا۔

د: جب کوئی نیا مکان بنوانا شروع کریں تو ایک کاغذ پر ۱۰۰ مرتبہ لکھ کر مکان کی بنیاد میں رکھ دیں مکان کبھی خراب نہیں ہوگا۔ اس گھر میں لڑائی جھگڑے نہ ہوں گے۔ مکان آگ سے بچا رہے گا۔

ج: ہر روز ۳۵ مرتبہ چینی کے پیالے پر لکھ کر مریض کو پلائے تو شفاء ہوگی۔ اگر جمعہ کے دن نماز عشاء کے بعد سجدے میں ۵۰۰ مرتبہ پڑھے اور پھر سو جائے تو آنے والے حالات معلوم ہو جائیں گے۔

ی: سفید حریر پر روغن زیتون سے ۱۰۰ مرتبہ لکھے حاسدوں سے بچے گا اگر بعد نماز عصر ننگے سر روزانہ اس کا ذکر کریں تو ہر طرح کی آفات سے محفوظ رہے گا۔ رزق کی تنگی دور ہو قرضہ سے نجات ہوگی۔

کثرت کلام

تحریر: ۔گل بینا کنول (ملتان)

بہت مہلک مرض ہے۔ مریض ہمہ وقت لایعنی باتیں کرنے لگ جاتا ہے۔ یہ جہالت اور عقل کی کمی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے کیونکہ علم رکھنے والا فرد کم بولتا ہے۔ طبیب کامل سیدنا حضور کا ارشاد ہے کہ خاموشی حکمت ہے اور اسکے کرنے والے کم ہیں۔ اس کا علاج یہ ہے کہ زبان کا ذکر الٰہی میں مشغول رکھا جائے اور بیکار گفتگو سے جبراً روکا جائے۔

دارالادب بکسیلر، تلمبہ روڈ میاں چنوں 0321-7248462 ادارہ روحانیات

لوح حصول مراد و مطلوب

تحریر:۔ جفار عاقل عزیز الرحمٰن سروری قادری (حیدر آباد)

کرشمات جفر اسرار و رموز فیوض و برکات کا مظہر ہے اہل علم حضرات علم الاعداد علم الجفر کی فن و مہارت سے بخوبی واقف ہیں اور علم جفر کا اُبھار قرآن پاک میں واضح طور سے پوشیدہ ہے، وصل مراد مطلوب اور تسخیر خصوصی کے حوالے سے ایک بارش پھر علم جفر کا ایک خاص چلتا ہوا قائدہ اور عمل لے کر قارئین کرام کے لئے حاضر خدمت ہوں۔ قارئین کرام لوح حصول مراد ذوالکتابت فائدہ پر مشتمل ایک پُر تاثیر اور لازوال لوح ہے میں یہاں پر نقوش کی تاثیر کے لحاظ سے مختصر گفتگو کرتا ہوں تاکہ طالب علم حضرات کے علم اور شوق میں اضافہ ہو، جس طرح اعدادی اور حروفی نقش کے فوائد الگ الگ ہوتے ہیں ٹھیک اسی طرح منسوبی اور معکوسی چال سے بھی جدا جدا فوائد حاصل کئے جاسکتے ہیں، عناصر اربع کے حوالے سے نقش مثلث اور مربع مزاجی طور پر آتشی، خاکی، آبی اور باجلی چال پر تقسیم کئے گئے، لہٰذا ذوالکتابت نقش تمام مزاج کا مجموعہ ہوتا ہے، خاص طور پر علم نجوم اور جفر کے ماہرین سائل کی حاجت اور مطلوبہ مقصد کے معیار سے نقوش و الواح وغیرہ تیار کرتے ہیں تاکہ سائل کی حاجت بھی پوری ہو جائے اور اسے تندرستی، خوشحالی استحکام، کامیابی و کامرانی حاصل ہو جائے، ذوالکتابت نقش میں طلسماتی قاعدہ استعمال کیا جاتا ہے اور فوائد کے نتائج اٹل ہو جاتے ہیں۔ ذوالکتابت نقش کی تاثیر اینٹی بائیوٹک کی طرح تیز اور زود اثر ہوتا ہے، ذوالکتابت کے باب میں تسخیر خصوصی کے حوالے سے نقش مربع، مخمس اور مسبع میں درج کمال کی قوت موجود ہے یہاں تک تفصیل بیان کرنے کے بعد صرف اتنا اور بیان کروں گا کہ سمجھدار کے لئے اشارہ ہی کافی ہے اب لوح وصل مطلوب کے فوائد درج کرتا ہوں تاکہ قارئین کرام استفادہ کریں۔

اس لوح مبارکہ کی برکت سے حصول مراد، حصول محبوب و مطلوب، حصول جائز محبت و رشتہ، حصول مکان و دکان، حصول جائیداد، زمین پراپرٹی، باغات، فیکٹری، ملازمت، نوکری، تسخیر عام و خاص، تسخیر عزیز و اقارب، بہن بھائی، رشتہ دار، خاص طور پر کوئی خاص آدمی جس کی کسی بھی بات پر کسی افراد سے نہ بنتی ہو یا کسی افراد نے کسی کا حق غصب کیا ہوا، یا گھر کے افراد میں بے قدری، بے عزتی کے معاملات ہوں، خاص طور پر یہ گھر کے افراد میں باہمی محبت اتفاق کو قائم رکھنے کے لئے سریع الاثر عمل ہے۔ خاص طور پر عرصہ دراز سے کوئی جائز خواہش کے حصول کے لئے جو کسی بھی طرح سے حاصل نہ ہوتا ہو اور تسخیر عام و خاص کے حوالے سے بھی اسی لوح مبارکہ کو بنا کر اپنے پاس رکھیں جو خاص مقصد اب تک آپ کی خواب وہی ہو تو اس مقصد کی تکمیل کے لئے اس لوح مبارکہ میں بے پناہ تاثیر موجود ہے۔ یہ عمل گزشتہ گیارہ سال سے میرے تجربے میں ہے اب تک ہزاروں افراد اس عمل کی برکت سے فیض یاب ہو چکے ہیں۔

یَا وَدُوْدُ ۷۸۶ یَا وَدُوْدُ

اِن	رَبّی	رَحیم	یَا وَدُوْدُ
۲۵۹	۱۹	۵۲	۲۱۱
۱۸	۲۵۶	۲۱۴	۵۳
۲۱۳	۵۴	۱۷	۲۵۷

یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ

سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ کسی بھی عامل کامل سے اجازت طلب کر کے آیات مبارکہ ''اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَدُوْدٌ'' کسی بھی نوچندی جمعرات یا اتوار سے 313 مرتبہ چالیس دن تک پڑھیں اس میں یہ فائدہ ہے کہ آپ اس آیات کی زکوٰۃ وغیرہ ادا کریں، اس آیات مبارکہ کے عامل ہو جائیں گے، اس کے بعد کسی بھی نوچندی جمعرات یا اتوار کو ساعت سعید میں باوضو حالت میں دو عدد میٹر ملن اگر بتیاں روشن کر کے عرق گلاب زعفران اور عنبر کے خوشبودار محلول سے لوح مبارکہ تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ ان شاء اللہ تاحیات لوح مبارکہ کے فوائد و تاثیر قائم رہیں گے۔ اس لوح کو چاندی، چادر، گولڈن اور سلور کاغذ پر اگر تیار کیا جائے تو تاثیر میں بے پناہ قوت موجود رہتی ہے۔ واضح رہے کہ عمل کے دوران مچھلی، انڈا اور بدبودار چیزیں ترک کر دیں، نقش اور عمل میں ایک خاص بات کو پوشیدہ رکھا گیا ہے، مزید رہنمائی کیلئے مکتبہ روحانیات سے رجوع کریں۔

ہندوؤں کا علم الاعداد

تحریر:۔ مصدق قریشی (ایبٹ آباد)

حضور علیہ السلام کا ارشاد مبارکہ ہے کہ علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین جانا پڑے۔ اس حدیث مبارکہ سے علم کی اہمیت معلوم ہوتی ہے مجھے اپنے اسلامی ممالک اور وطن عزیز کے علماء سے بہت کچھ ملا ہے۔ جن میں خاص طور پر قابل احترام علامہ شاد گیلانی صاحب (مرحوم) و بابر سلطان صاحب (مرحوم) اور کاش البرنی صاحب (مرحوم) سرفہرست ہیں۔ ان سے کافی قربت تھی اور ان سے بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ یہ میرا شوق تھا بس شوق تھا اس کو میں نے کاروبار نہیں بنایا۔ جب نام نہاد عامل کامل لوگوں کو دھوکہ دیتے ہیں تو بہت دُکھ ہوتا ہے وہ ان کے جذبات سے کھیلتے ہیں اور ان کو لوٹتے ہیں۔ اس لئے بندہ ناچیز کبھی کبھی روحانی جرائد میں قلمکاری کر کے لوگوں کو فائدہ دینا چاہتا ہے۔ بندہ عرصہ 36 سال سے مختلف روحانی جرائد کا لکھاری ہے۔ جو کچھ ہو سکا وہ قارئین کرام کے فائدہ کے لئے لکھا۔ اور ان شاءاللہ جب تک زندگی ہے لکھتا رہوں گا اور اپنے عملیات اور علم لوگوں کو منتقل کرتا رہوں گا۔ ان عملیات کو آپ تک پہنچانے میں جناب محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے میری بہت مدد کی ہے ان کی وساطت سے یہ سب کچھ ممکن ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو بھی اَجر عظیم دے (آمین)

ہندوؤں نے علم الاعداد میں بہت حیران کن کمالات کا مظاہرہ کیا ہے۔ یہ قاعدہ مشہور ہندو گردھاری لال ماہر فلکیات کا ہے۔ بندہ نے کوشش کی ہے کہ اِسے آسان لفظوں میں بیان کر سکوں۔ سنسکرت میں کچھ حروف ملفوظی اور کچھ مکتوبی ہوتے ہیں۔ ملفوظی حروف آواز پیدا کرتے ہیں۔ جیسے:

ا۔ آ۔ اُ۔ او۔ اِ۔ اَے۔ اَو۔ آوَ۔ اَوَ

یہ حروف جو ہیں ملفوظی کہلاتے ہیں اور ان کے علاوہ باقی ملفوظی کہلاتے ہیں۔ آپ اچھی طرح ان کی پہچان اور یاد کر لیں۔ مثلاً کھولا۔ اس میں کھ۔ ل یہ دو حروف مکتوبی ہیں۔ و اور آ حروف ملفوظی حروف ہیں۔

(۱) آئی۔ یہ دونوں آ ای حروف ملفوظی ہیں۔

(۲) اس طرح اولاد میں ''اَو'' آ حروف ملفوظی ہیں۔ اور ''ل۔ د'' مکتوبی ہیں۔

اب جیسے گلاب کا سنسکرت میں گ او ل آ ب نشان والے حروف مکتوبی ہیں۔ باقی ملفوظی ہیں۔

اب نقشہ اعداد حاضر ہے۔ اسے اچھی طرح ذہن نشین کر کے یاد کر لیں۔

حروف ملفوظی اعداد	ا آ ۱۲ ۲۱	اُ ای ۱۱ ۱۸	اُ اُو اِے ۱۵ ۲۳ ۱۸	اَے او ۱۸ ۲۵	آوَ اَوَ ۱۹ ۲۵
حروف و اعداد	ك ۱۳	كھ ۱۱	گ ۲۱	گھ ۳۰	ازگان ۱۰
〃	ح ۱۵	حھ ۲۱	ج ۲۳	جھ ۲۶	ابخان ۲۶
〃	ٹ ۱۱۰	ٹھ ۱۳	ڈ ۲۲	ڈھ ۳۵	انان ۴۵
〃	ت ۱۴	تھ ۱۸	د ۱۷	دھ ۱۳	ن ۳۵
〃	پ ۲۸	پھ ۱۸	ب ۲۶	بھ ۲۷	م ۸۶
〃	ی ۱۶	ر ۱۳	ل ۱۳	و ۳۵	
〃	ش ۳۶	شا ۳۵	س ۳۸	ہ ۱۲	

اب ان کا مدخل کبیر حاصل کرنا

علم الاعداد میں مدخل کبیر حاصل کرنے کے بہت سے طریقے ہیں۔ بہتر طریقہ / قاعدہ یہ ہے کہ جو فقرہ سائل بولے اس فقرہ کو لکھ لیں۔ اس کے مکتوبی و ملفوظی اعداد سے اعداد حاصل کر کے آپ جمع کر کے ان کی میزان لیں یہ مدخل کبیر ہوگا۔

لمبا چوڑا فقرہ لکھنے، اِسے مدخل کبیر نقشہ مذکور سے اعداد لینا مشکل ہے۔ اس لئے سائل سے کہیں کہ سوال کو ذہن میں رکھ کر کسی پھول۔ دریا۔ ندی۔ ولی۔ یا کسی پاکیزہ ہستی کا نام لے۔ اب اِس نقشہ کی مدد سے اعداد حاصل کریں اور قواعد ''علم الاعداد'' کے مطابق سوال کا جواب دیں۔ ان شاءاللہ سو فیصد جواب صحیح ہوگا۔ کسی نے سوال سوچ کر کہا ''دریا''۔ د ر ی ا

17+13+16+12=48 یہ مدخل کبیر ہے۔

(۱) سوالات کے جوابات حاصل کرنا۔

(۱) میری زندگی کیسے گزرے گی؟

مدخل کبیر حاصل کر کے 40 عدد قانون کے جمع کر کے 3 پر تقسیم کردیں۔ اگر "1" بچے تو زندگی امن و آرام سے گزرے گی۔ اگر "2" بچے تو طبیعت میں فکر و پریشانی، حیرانی اور تنگدستی سے گزرے گی۔

(۳) اگر صفر بچے تو اب زندگی کا آخری دور ہے۔ موت قریب ہے۔

(۲) فلاں کام میں فائدہ ہے یا نہیں؟

مدخل کبیر میں 42 عدد قانون کے جمع کریں۔ 3 پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو فائدہ ہے۔ اگر باقی 2 بچے تو تھوڑا فائدہ ہے۔ اگر باقی 3 بچے تو نقصان ہے۔

سوال نمبر3:۔ میرا ارادہ کہیں کا ہے جاؤں گا یا نہیں؟

مدخل کبیر میں 33 عدد قانون کے جمع کر کے 3 پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو جائیں گے۔ اگر باقی 2 بچے تو نہیں جائیں گے۔ اگر باقی 3 بچے تو جانے میں نقصان ہے۔

سوال نمبر4:۔ حمل ہے یا نہیں؟

مدخل کبیر میں 26 عدد قانون کے جمع کریں اور 3 پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو حمل ہے۔ اگر باقی 2 بچیں تو شک ہے۔ اگر باقی صفر یا تین بچے تو حمل ہرگز نہیں ہے۔

سوال نمبر5:۔ "میری شادی ہوگی یا نہیں؟"

مدخل کبیر کو آٹھ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو جلد از جلد شادی ہوگی۔ اگر باقی دو بچے تو کوشش سے ہوگی۔ اگر باقی تین بچے تو بڑی دیر کے بعد ہوگی۔ اگر چار بچیں تو جس جگہ نسبت ہوگی وہ لڑکی جلد مرجائے گی۔ اگر باقی پانچ بچیں تو منسوبہ کے رشتہ داروں میں سے کوئی مرجائے گا۔ اگر باقی چھ بچے تو سائل کسی جگہ چلا جائے گا۔ اور شادی میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ اور اگر سات بچے تو منسوبہ مرجائے گا اور اگر باقی 8 بچے تو نسبت چھوٹ جائیگی۔

سوال نمبر6:۔ "فلاں شخص سے روپیہ کس قدر ملے گا؟"

سوال کنندہ کے نام کے حروف شمار کر کے ان کو 9 سے ضرب دیں اور حاصل میں 5 عدد قانون کے ملا کر 7 پر تقسیم کردیں۔ جو خارج قسمت ہو اسے پھر 5 سے ضرب دیں اور حاصل ضرب میں سے جو عدد سات کی تقسیم سے باقی رہے تھے تفریق کریں جو باقی بچیں اتنی تعداد روپیہ کی بتادو مگر خیال رہے کہ سوال کرنے والے کی حیثیت اور ضرورت کا اندازہ اپنی عقل سے کرلو۔ سینکڑے یا ہزار وغیرہ کی رقم بتلادو۔

سوال نمبر7:۔ "فلاں شخص روپیہ ملے گا یا نہیں؟"

جس شخص سے روپیہ لینے کا خیال ہے اس کے نام کے حروف اور سائل کے نام کے حروف، اِن حروفوں کی تعداد کو جمع کریں اور 3 پر تقسیم کردیں۔ اگر باقی 1 بچے تو روپیہ ملے گا۔ اگر باقی 2 بچے تو روپیہ نہیں ملے گا۔

سوال نمبر8:۔ "فلاں مقدمہ میں ہمیں شکست ہوگی یا فتح؟"

مدخل کبیر میں 34 عدد قانون کے جمع کریں اور 3 پر تقسیم کریں۔

اگر باقی ایک بچے تو سائل کامیاب ہوگا۔

اگر باقی 2 بچے تو صلح ہوگی۔

اگر باقی 3 بچے تو سائل مغلوب ہوگا۔

سوال نمبر9:۔ "فلاں چیز خریدنے میں فائدہ ہے یا نقصان؟"

سوال کنندہ کے نام سے حروف الگ الگ لکھیں اور اِن حروف کا شمار کریں۔ اِن کو 3 سے ضرب دیں۔ اب جو چیز خریدنا چاہتا ہے اِس کے حروف الگ الگ لے کر گن کر اس شمارے کو پہلے شمارے میں جمع کریں اور 2 پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو فائدہ ہوگا۔ اگر باقی 2 بچے تو نقصان ہوگا۔

سوال نمبر10:۔ "چور کا حلیہ کیا ہے؟"

مدخل کو 3 پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو رنگ گورا۔ دراز قد۔ منہ پر ایک داغ یا پھوڑا کا نشان۔

اگر باقی 2 بچے تو سانولا رنگ یا سیاہی مائل، قد میانہ، منہ پر زخم کا داغ۔

اگر باقی 3 بچے تو سرخ رنگ، قد کوتاہ۔ آنکھ میں عیب ہے۔

سوال نمبر11:۔ "چور نے مال کہاں رکھا ہے؟"

مدخل کبیر کو 12 پر تقسیم کریں۔

اگر باقی "1" بچے تو شہر میں، قصبہ میں۔

اگر باقی "2" بچے تو کھیت میں دفن کیا ہے۔

اگر باقی "3" بچے تو چور رستہ میں دفن کیا ہے۔

اگر باقی "4" بچے تو زیر زمین دبایا گیا ہے۔

اگر باقی "5" بچے تو کسی اونچی جگہ یا ٹیلہ میں رکھا گیا ہے۔

اگر باقی "6" بچے تو کسی ویران جگہ یا قبرستان میں دفن کیا ہے۔

اگر "7" بچے تو کسی اپنے مکان میں دفن ہے یا مال اپنے گھر میں موجود ہے۔

اگر "8" بچے تو کسی ناپاک جگہ مال رکھا گیا ہے۔

اگر "9" بچے تو مال مسجد یا امام کوٹ میں رکھا ہے۔

اگر "10" بچے تو مال کسی صندوق میں رکھا ہے۔

اگر "11" بچے تو مال تالاب یا حوض میں پڑا ہے۔

اگر "12" بچے تو مال دریا کے کنارے دفن ہے۔

مجرب حاضرات

تحریر
خضر عباس بیاسی
(راجن پور)

قارئین تحفہ روحانیات! اس بار آپکی خدمت میں نایاب حاضرات کے ساتھ حاضر ہوا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ قارئین پہلے کی طرح حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

حاضری موکل سورۃ البنیہ

سوموار کے دن بعد نماز عشاء سورۃ ''البینہ'' کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر کم از کم ۴۱ مرتبہ پڑھیں جب سورۃ ختم کریں تو اس کے بعد عمل حاضرات ۷ مرتبہ پڑھیں بعد عمل بارگاہ رب العزت میں دعا مانگیں ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مذکورہ بالا موکل کی تسخیر ہوگی۔ بعد چلہ حاضرات کریں۔ حاضرات ضرور ہوگی حاضرات حاضر ہونے پر اپنے مقصد کے مطابق موکل سے سوالات کریں۔ سو فیصد درست جواب ملے گا۔



عمل حاضرات:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥ اُقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ وَ عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ اَجِبْ یَا ھشیائیل حاضر کرو حاضرات بِحَق بِحرمت سُورۃ البنیہ بِحَق سلیمان بن داود علیہ السلام بِحَق مُحمّد رسول اللہ(صلی اللہ علیہ وسلم)

حاضری موکل سورۃ القدر

موکل ''بلغائیل'' کی حاضری کیلئے عروج ماہ میں پیر کے دن سے روزانہ بعد نماز تہجد اپنے نام کے اعداد کے مطابق سورت پڑھیں۔ ہر مرتبہ سورۃ القدر 7 مرتبہ عمل حاضرات پڑھیں بہت جلد موکل ہذا کی حاضری ہوگی۔ ڈرنے کی ضرورت نہیں آپکو کچھ نہیں کہے گا یہ موکل ان لوگوں کو نقصان پہنچاتا ہے جن کے دلوں میں کھوٹ ہو بعد چلہ حاضرات کریں۔ ان شاءاللہ حاضرات کا نزول ہوگا حاضری ہونے پر شرائط طے کریں اور ہمیشہ اس کی پابندی کریں۔ صبر اور محنت کا دامن ہرگز نہ چھوڑیں۔

عمل حاضرات:۔ عزمت علیکم بحرمت بحق یا بلغائیل حاضر کرو حاضرات بحق سورۃ القدر بحق سلیمان بن داود علیہ السلام الوحا(۳بار) العجل(۳بار) الساعتہ(۳بار)

طلسم خاص اولاد نرینہ

ہر شادی شدہ فرد کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے جلد سے جلد اولاد نرینہ حاصل ہو لیکن عرصہ دراز تک یا تو اولاد نہیں ہوتی یا پھر اولاد نرینہ کی خواہش دل میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ایسے خواہشمند حضرات کے ہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں یہ قانون قدرت ہے لیکن حکمت سے اپنی اس خواہش کو خاص طریقہ سے بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے پورا کیا جا سکتا ہے وہ لوگ جو کہ اب تک اولاد نرینہ سے محروم ہیں مجرب طلسم خاص برائے اولاد نرینہ کے ذریعے اپنی اس خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ھدیہ 7200 روپے

سیب Apple پھلوں کی افادیت

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

سیب تمام پھلوں سے قیمتی پھل ہے۔ یہ معمولی ترش پھل ہے۔اس کا چھلکا سخت ہوتا ہے۔ یہ پھل گودے سے بھرا ہوتا ہے۔ یہ کئی رنگوں جیسے سبزی مائل زرد رنگ سے سیاہی مائل سرخ رنگ میں ہوتا ہے۔اس پھل کا قطرہ عام طور پر 5 سینٹی میٹر سے 7 سینٹی میٹر تک ہوتا ہے۔اس کے گودے کا رنگ سفید ہوتا ہے۔سیب کو محافظ پھل کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ یہ ایسا پھل ہے جسے مکمل غذا سمجھا جاتا ہے اس میں بہت زیادہ قوت بخش صلاحیت پائی جاتی ہے۔ یہ پھل جسم کے اندر کیمیائی تبدیلیوں کے عمل کو تقویت دے کر جسم کی نشوونما اور کارگردگی میں بہتری پیدا کرتا ہے۔سیب کا ابتدائی وطن مشترقی یورپ اور مغربی ایشیا ہے۔ جہاں یہ زمانہ قبل از تاریخ سے کاشت کیا جارہا ہے۔سیب کا ذکر قدیم چینی، بابلی اور مصری تحریروں میں موجود ہے۔الہامی کتاب بائبل میں بھی سیب کا ذکر کئی بار آیا ہے جبکہ سیکنڈ نیویا کے باشندے اسے دیوتاؤں کی غذا کہتے ہیں انہیں اس بات کا بھی یقین تھا کہ سیب دماغ اور جسم دونوں کو حیات نو دینے والے اجزاء سے بھرپور ہے۔ برصغیر میں سیب کی زیادہ کاشت کشمیر اور شمالی علاقہ جات میں کی جاتی ہے۔دنیا بھر میں پیدا ہونے والے سیب کی تقریباً ساڑھے آٹھ ہزار اقسام کا پتہ لگایا جاچکا ہے۔

غذائی اہمیت:۔سیب ایسا پھل ہے جس کی غذائی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ کیونکہ اس میں معدنی اور حیاتینی اجزاء وافر مقدار میں پائے جاتے ہے۔اس کی تمام تر غذائی اہمیت اس میں پائے جانے والے شکری اجزاء کی وجہ سے ہے جو اس پھل میں 9 فیصد سے 51 فیصد تک موجود ہوتے ہیں۔ان شکری اجزاء میں فروٹ شوگر 60 فیصد، گلوکوز 25 فیصد اور کین شوگر 15 فیصد ہوتی ہے۔سب کے 100 گرام خوردنی حصہ میں رطوبت 84.6 فیصد کاربوہائیڈریٹس 13.4 فیصد، پروٹین 0.2 فیصد، ریشہ 1.0 فیصد، معدنیات 0.3 فیصد اور چکنائی 0.5 فیصد ہوتی ہے۔ اس کے معدنی اور حیاتینی اجزاء 100 گرام خوردنی حصے میں یوں ہوتے ہیں۔کیلشیم 10 ملی گرام، آئرن 1 ملی گرام، فاسفورس 10 ملی گرام، وٹامن اے 40 انٹرنیشنل یونٹ کے علاوہ وٹامن ای، ای ایچ اور بی کمپلیکس کی بھی کچھ مقدار پائی جاتی ہے۔ جبکہ 100 گرام سیب میں کیلوریز کی تعداد 59 ہوتی ہے۔سیب اگر کچا کھانا پڑ جائے تو اس کا چھلکا نہیں اتارنا چاہئے کیونکہ کچے سیب کے چھلکے کے نیچے پائے جانے والے گودے میں کافی مقدار میں وٹامن سی پایا جاتا ہے۔ جوں جوں بیج والے حصے کی طرف گودا جاتا ہے۔ یہ مقدار کم ہوتی جاتی ہے جبکہ سیب کے چھلکے میں گودے کی نسبت وٹامن اے پانچ گناہ زیادہ پائی جاتی ہے۔ نیز کچے سیب میں سٹارچ کی بہت قلیل مقدار پائی جاتی ہے۔ جو پکنے سے مر حملہ میں شکر میں بدل جاتی ہے۔سیب میں پائے جانے والے ترش اجزاء بھی شکر کے ساتھ ساتھ بڑھ جاتے ہیں۔سیب کی یہ ترشی میلک ایسڈ کی وجہ سے ہوتی ہے جس کو انسانی بدن مکمل طور پر استعمال کرلیتا ہے۔

قدرتی فائدے اور شفا بخش اجزاء:۔سیب ایسا پھل ہے جو اچھی صحت برقرار رکھنے کی ضمانت ہے۔ یہ بہت سی بیماریوں کے علاج میں اپنی مثال آپ ہے۔ پرانے زمانے میں ایک کہاوت مشہور تھی کہ سونے سے پہلے ایک سیب کھانا۔ڈاکٹر کو بھیک مانگنے پر مجبور کردیتا ہے۔یعنی سیب کا روزانہ استعمال بیماری کو نزدیک نہیں آنے دیتا۔موجودہ دور میں انگریزی زبان کا یہ محاورہ بہت مشہور ہے۔

An Apple a Day.....Keeps The Doctor Away.

یہ دونوں محاورے سیب کی غذائی اہمیت کا منہ بولتا ثبوت ہیں اور سیب کی صحت بخش اور غذائیت بخش صلاحیتوں کا جامع اظہار ہے۔

سیب کا فعال طبی جزو پکٹین ہے۔ یہ قدرتی علاج کے لئے شفا بخش تاثیر رکھتا ہے۔ یہ جزو سیب کے چھلکے کی اندرونی تہہ اور گودے کے درمیان پایا جاتا ہے۔ یہ جزو گلٹو رانک ایسڈ مہیا کر کے جسم سے زہریلے مادوں کو خارج کرنے میں مدد و معاون بنتا ہے۔ نیز یہ غذائی نالی میں پروٹین کے اجتماع کو بھی تحلیل کرتا ہے۔سیب میں پایا جانے والا میلک ایسڈ جگر انتڑیوں اور دماغ کے لئے بہت ہی مفید ثابت ہوتا ہے۔سیب ایسا پھل ہے جس میں آئرن، آرسینک اور فاسفورس کثیر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ان کی بدولت خون کی کمی کو سیب کے تازہ جوس سے کامیابی کے ساتھ دور کیا جاسکتا ہے۔ ہر روز سیب کا ایک گلاس جوس لینے کے بہت فائدے

ہیں۔سیب کا جوس کھانا کھانے سے نصف گھنٹہ پہلے پینا چاہئے یا پھر رات کو سونے سے پہلے۔ یہ دونوں اوقات ایسے ہیں جن میں جوس پینے سے مفید نتائج سامنے آتے ہیں۔ جوس نکالنے کے لئے عمدہ اور اچھے سیبوں کا انتخاب کرنا چاہئے اور جوس نکالنے سے پہلے انہیں اچھی طرح دھو کر خشک کر لینا چاہئے۔قبض اور اسہال کے امراض میں سیب ایک جیسا کام کرتا ہے۔ کچے سیب قبض دور کرتے ہیں۔ اگر روزانہ دو سیب کھا لئے جائیں تو روزانہ اطمینان بخش اجابت ہو جاتی ہے جبکہ اُبلے ہوئے یا بھُنے ہوئے سیب استعمال کرنے سے اسہال کا مرض دور ہو جاتا ہے۔آگ پر پکانے سے سیب کے خلوی مارد ے نرم ہو جاتے ہیں اور فضلہ کو گاڑھا کرنے والا مواد مہیا کرتے ہیں۔ بچوں کی پرانی پیچش جو شدید بھی ہو سیب اس کا شافعی علاج ہے۔سیب پیڑ پر پکے ہوئے اور میٹھے ہونے چاہئیں۔سیبوں کو پکل کر عمر کے مطابق روزانہ ایک سے چار چمچ دینے چاہیں۔سیب کو بطور دوا استعمال کرنے کی تصدیق امریکن میڈیکل ایسوسی ایشن نے بھی کر دی ہے ۔معدے کی باقاعدگیوں اور خرابیوں کی صورت میں سیب قدرتی دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔اس علاج میں سیب کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کاٹ کر اس طرح کچلا جاتا ہے کہ سیب کا سارا گودہ ملیدہ بن جائے۔اس ملیدے میں دار چینی یا شہد ملا کر مریض کو دینا چاہئے۔اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہئے کہ ملیدے میں سیب کی شاخ یا بیج شامل نہ ہو۔مریض کو ہدایت کی جائے کہ وہ ملید کے نگلنے کی بجائے خوب چبا چبا کر کھائے۔اس دوا کا اس وقت زیادہ فائدہ ہوتا ہے جب اسے باقاعدہ کھانوں کے درمیان کئی کئی بار لیا جائے۔اس ملیدے میں سیب کی ہمہ گیر طبی افادیت رکھنے والا پیکٹن موجود ہوتا ہے۔ جو معدے کی دیواروں پر ایک حفاظتی تہہ جما دیتا ہے جبکہ اس کی جذب کرنے اور خراش میں کمی کرنے کی تاثیر سکون بخشتی ہے۔معدے کی خرابی میں باریک کٹا ہوا سیب لیں، اس میں ایک چمچہ شہد اور تل شامل کر کے کھانے سے خرابی دور ہو جاتی ہے۔معدے کو تقویت ملتی ہے، اشتہا بڑھتی ہے۔اسے دوپہر اور رات کو کھانے سے پہلے استعمال کرنے یا زیادہ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔سر کا درد کیسا ہی کیوں نہ ہو، سیب ہر طرح سے مفید ہوتا ہے۔ایک پکے ہوئے سیب کا چھلکا اتار کر اور بیچ والا حصہ نکال کر روزانہ صبح کے وقت نمک چھڑک کر کھانے سے سر درد ختم ہو جاتا ہے۔اگر ایک ہفتہ متواتر استعمال کرتے رہیں تو شدید قسم کا پرانے سے پرانا درد سر بھی جاتا رہتا ہے۔دل کے مریضوں کے لئے سیب قدرت کا انمول تحفہ ہے۔اس میں پوٹاشیم، فاسفورس کی مقدار بہت زیادہ پائی جاتی ہے۔جبکہ سیب میں سوڈیم نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔دل کی بے قاعدگیوں کی صورت میں سیب کے ساتھ شہد کا استعمال زمانہ قدیم سے موثر علاج سمجھا جاتا ہے تھوڑا عرصہ پہلے کیلیفورنیا یونیورسٹی کے ماہرین نے اس بات کا اعلان کیا ہے کہ جو لوگ غذائیں زیادہ مقدار میں پوٹاشیم استعمال کرتے ہیں انہیں دل کی بیماریاں لاحق نہیں ہوتیں سیب میں پوٹاشیم چونکہ وافر مقدار میں پایا جاتا ہے۔اسی لئے یہ دل کی بیماریوں کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) کے مریضوں کے لئے سیب انمول دوا ہے۔سیب کے استعمال سے پیشاب کا اخراج زیادہ ہوتا ہے۔اس کی وجہ سے بھی سیب میں پائے جانے والے پیشاب آور اثرات ہیں۔زیادہ پیشاب خارج ہونے سے خون کا پریشر خود بخود کم ہو جاتا ہے۔سیب کے استعمال سے سوڈیم کلورائیڈ (نمک) کی سپلائی میں کمی آجاتی ہے گردوں کو آسودگی ملتی ہے، خلیوں اور بافتوں میں بھی سوڈیم کلورائیڈ (نمک) کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔اس کی وجہ سیب میں پائی جانے والی پوٹاشیم کی زیادتی ہے۔جب جسم میں جوڑوں کے درد، سوجن اور گنٹھیا کی حالت جسم میں یورک ایسڈ کے زہریلے اثرات بڑھ جانے کی وجہ سے ہو تو سیب عمدہ ترین غذائی علاج ہے۔اس میں پایا جانے والا میلک ایسڈ یورک ایسڈ کا بہت عمدہ تریاق ہے۔یہی وجہ ہے کہ گنٹھیا جوڑوں کے درد اور سوجن جیسی امراض میں سیب استعمال کرتے رہنے سے بہت فائدہ حاصل ہوتا ہے۔اگر سیب کو ابال کر گنٹھیا سے متاثرہ حصہ پر ملتے رہیں تو درد سے افاقہ ہوتا ہے۔ایسی خشک کھانسی جس میں کھنکھاتی ہوئی آواز پائی جاتی ہو میں میٹھے سیب کا استعمال نفع پہنچاتا ہے۔کم از کم ایک ہفتہ تک روزانہ ایک پاؤ 250 گرام سیب کھاتے رہنے سے ایسی کھانسی کا نام ونشان باقی نہیں رہتا۔

گردوں میں پائی جانے والی پتھروں سے چھٹکارا پانے کا آزمودہ اور مشہور علاج میں سیب کا استعمال ہے۔ وہ ممالک جن میں کچے سیبوں کا ترش جوش (قدرتی) استعمال کرنے کا رجحان ہے۔ وہاں کے باشندوں میں پتھریوں کے واقعات نہ ہونے کے برابر ہیں تاہم پکے ہوئے تازہ سیب بھی فائدہ مند رہتے ہیں۔سیب کے چھلکے اتار کر برتن میں ڈالیں۔اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ چھلکے ڈوب جائیں۔اب اس پانی کو اتنا گرم کریں کہ اُبلنے لگے۔تھوڑی دیر ہلکی آگ پر اُبلنے دیں پھر آگ سے اتار کر ٹھنڈا کر لیں۔ چھان کر اس میں تھوڑا سا شہد ملا دیں۔ لیجئے شربت تیار ہے۔استعمال کریں۔زیادہ پکے ہوئے سیبوں کا پیسٹ بنا کر دکھتی آنکھوں پر باندھیں۔ بہت اچھا علاج ہے۔اس کے علاوہ سیب کے گودے کو کسی صاف ستھرے

کپڑے میں لپیٹ کر بند آنکھوں پر لگائیں۔ یہ پیسٹ آنکھوں پر کم سے کم ایک گھنٹہ اور زیادہ سے زیادہ گھنٹے تک باندھا جاتا ہے۔ دانتوں کی بیماریوں کے علاج میں سیب کا استعمال مفید ہے۔ اس کے استعمال سے دانتوں کے انحطاط کو روکا جاسکتا ہے۔ سیب میں ایسے اجزاء پائے جاتے ہیں جو دانتوں اور مسوڑھوں کو صحت مند اور صاف ستھرا رکھتے ہیں۔ ماہر ڈینٹل سرجن کا کہنا ہے کہ منہ کو صاف رکھنے کی جتنی صلاحیت سیب میں ہے کسی اور پھل میں نہیں۔ باقاعدہ کھانا کھانے کے بعد سیب کھانا ایسے ہے جیسے ٹوتھ برش سے دانت صاف کرنا۔ سیب کھانے کا اضافی فائدہ یہ ہوتا ہے کہ سیب میں پایا جانے والا ایسڈ اپنی غذائی افادیت کے ساتھ ساتھ منہ میں لعاب دہن کے بہاؤ میں اضافہ کرتا ہے۔ جس کا فائدہ دانتوں کو پہنچتا ہے۔ سیب کا یہ ایسڈ سیب کو خوب چبانے پر اپنے جراثیم کش اثرات سے نہ صرف منہ بلکہ دانتوں اور مسوڑھوں کو بھی جراثیموں سے پاک کر دیتا ہے۔ اسی لئے سیب کو دانتوں کا قدرتی محافظ کہا جاتا ہے۔ دانتوں کی بیماریوں کیسی ہی کیوں نہ ہوں سیب کے باقاعدہ استعمال سے ختم ہو جاتی ہیں۔ انسانی صحت کو برقرار رکھنے والے اندرونی نظام اگر ضعیف اور کمزور ہو جائیں اور بھرپور انداز میں کام نہ کر رہے ہوں تو سیب کے استعمال سے پھر سے مستعد اور موثر انداز میں کام کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ سیب ایسی بہترین خوراک ہے۔ جو تمام اہم اعضاء کی خامیوں کو دور کر دیتی ہے۔ جسم کو مضبوط اور توانا بناتی ہے۔ جسم اور دماغ کو تقویت پہنچاتی ہے۔ کیونکہ سیب میں دیگر پھلوں اور سبزیوں کی نسبت فاسفورس اور آئرن زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے۔ اگر دودھ کے ساتھ سیب استعمال کیا جائے تو نہ صرف صحت اچھی رہتی ہے بلکہ جوانی کی تب و تاب میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ سیب سے جلد خوشنما اور چمکدار بنتی ہے۔ سیب کی تاثیر مسکن اور آسودگی بخش ہے۔ زیادہ وقت بیٹھ کر کام کرنے والوں کے لئے سیب بہت زیادہ مفید ہے۔

استعمال: ۔پیڑ پر پکا ہوا سیب باقاعدہ کھانوں کے بعد استعمال کیا جاتا ہے ۔اسے دیگر پھلوں کے ساتھ بطور سلاد بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے پکا کر بھی کھایا جاتا ہے۔ سیب کو جوس، جیلی، سرکہ بنانے میں بھی استعمال کرتے ہیں۔ تازہ سیبوں کا جوس دیگر پھلوں کے جوسز سے بہترین جوس ہوتا ہے۔

احتیاط: ۔سیب کو خالی پیٹ نہیں کھانا چاہئے۔ ایسا کرنے سے بد ہضمی بھی ہو سکتی ہے۔ سیب کے پیڑوں پر زہریلی دوائیاں چھڑکی جاتی ہیں۔ پھلوں کو محفوظ رکھنے کے لئے ان پر بھی یہ زہریلا سپرے کیا جاتا ہے۔ اسی لئے سیب کو استعمال کرنے سے پہلے خواب اچھی طرح دھو لینا چاہئے۔

لوح مشتری

عزت، مال و دولت، انعامی چانس میں مکمل کامیابی 12 سال بعد مشتری کی طاقت میں تیار کی جانے والی حصول مال وزر کا خزانہ۔
اس لوح کی برکت سے غیب سے مال حاصل کرنے کے راستے کھل جاتے ہیں۔

لوح منگوانے کیلئے آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں

0300-6351192 ہدیہ لوح 7200 روپے

لوح نجات قرض

مالی تنگدستی کی وجہ سے انسان اس لوح مبارکہ کی برکت سے چند دنوں میں ہی قرض سے نجات مل جاتی ہے۔ ذہنی پریشانی ختم ہو جاتی ہے۔ کاروبار وسیع ہو جاتا ہے۔ گھر میں خوشحالی آجاتی ہے۔ لوح مبارکہ نجات قرض پریشان حضرات کے لئے خاص تحفہ ہے۔ سورۃ مزمل کی شان میں تین حدیث مبارکہ ہیں۔ جس میں تینوں حدیث مبارکہ کا مفہوم مصیبت، غربت، مفلسی، مشکلات، عذاب سے نجات کی خوشخبری دیتا ہے۔
سورۃ مزمل کی تجلیات و برکات سے مزین خاص سعد اوقات میں اوراد مکمل کرنے کے بعد تیار کی گئی لوح مبارکہ نجات قرض سے بے شمار لوگ فیض حاصل کر چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس لوح مبارکہ کے طفیل ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جو کہ انسان کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوں۔ ہدیہ لوح 4200 روپے

لوح حصول انعام

اگر بدنصیبی، مفلسی، بے روزگاری آپ کا مقدر بن چکی ہے اور اس دکھ درد کو کم کرنے کیلئے مالی حالات کی بہتری کے لئے کئی انعامی سکیموں میں حصہ لینے کے بعد ناکام ہو گئے ہوں تو لوح حصول انعام آپ کی اس خواہش کی تکمیل میں مددگار ثابت ہوگی۔ اس لوح کی برکت سے انشاء اللہ اول انعام حاصل ہوتا ہے۔ لاتعداد لوگ اس لوح سے فائدہ حاصل کر چکے ہیں لوح حاصل کرنے کے لئے فوری ادارہ سے رابطہ کریں۔ تاکہ آئندہ قرعہ اندازی میں آپ انعام حاصل کر سکیں۔ ہدیہ لوح حصول انعام 7200 روپے

حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) دوستوں سے واسطہ توقعات پوری نہ ہوسکیں گی تو ضرورتوں کے پورا کرنے کے لئے دوسرے ذرائع آزمائے جائیں لیکن اب جو موقع ہاتھ سے جاچکا ہے۔ اس کو دوبارہ حاصل کرنے میں اپنی قوتیں صرف نہ کریں ایسا کرنا بے سود ہے۔ اس ہفتہ دوسروں سے تعلقات کے سلسلہ میں سیاست کام دے گی ایسا کرنے کی صورت میں وہ آپ کی مخالفت کرنے کی بجائے تعاون سے پیش آئیں گے۔ کسی اہم سماجی تقریب میں حصہ لے سکیں گے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ آپ کو دستوں کے عدم اعتماد کی وجہ سے نقصان اٹھانا پڑے گا اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا اہم فیصلہ کرتے وقت محتاط رہیں۔ اس ہفتہ کاروباری اور سرمایہ کے منصوبہ پر عمل کرسکیں گے۔ دور دراز سے کوئی اطلاع سن سکیں گے شریک حیات کا تعاون اور ہمدردیاں آپ کے ساتھ رہیں گی۔

(17 تا 25) ان ایام میں خانگی امور میں خوشگواری رہیگی۔ خواہشمند افراد کی شادی خانہ آبادی طے ہوسکے گی اور بعض حضرات کی منگنی ہونے کی امید ہے۔ بے اولاد حضرات اولاد کی خوشخبری سن سکیں گے۔ آپ کی صحت جسمانی خوب رہیگی اور اندرون خانہ بھی ہر طرح سے خیر و عافت رہے گی۔ اس ہفتہ میں زائچہ کے دیگر سیارگان کچھ سعد حالت میں ہیں لہذا آپ کا یہ ہفتہ بہترین ہوگا جہاں تک ممکن ہوسکے آپ اپنی رائے پر ہی عمل کریں یا اپنے طریق کار سے ہی چمٹے رہیں۔ اپنا رویہ درست رکھیں نقصان ہوسکتا ہے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ غم و غصہ پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہے دوسروں سے معاملات طے کرتے وقت جذبات کا مظاہرہ بنتے کاموں میں رکاوٹ کا باعث بن سکتا ہے۔ ان ایام میں صحت جسمانی پر خرابی کا احتمال ہے نقل و حمل کی وجہ سے علالت طویل ہوسکتی ہے۔ مالی امور میں محتاط رہیں۔ دوسروں کو مالی حالت فائدہ مند ثابت ہوگی۔ دھوکہ دہی کا خدشہ پایا جاتا ہے۔ کاروباری اغراض سے کیا جانے والا سفر فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 84 ہے۔ آپے سے باہر نہ ہوں خطرات اب بھی سر پر ہیں۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر زہرہ تثلیث زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات یکم تا 7 نومبر رہیں گے اس نظر کے تحت ملے جلے حالات رہینگے۔ شروع ہفتہ میں ناکامی حسرت و یاس مایوسی کی کیفیت طاری رہیگی لیکن آپکو اس سے گھبرانے کی ضرورت نہیں اپنے معاملات کو جاری رکھئے۔ اس ہفتہ اگر چندہ جمع کرنے والی کسی اسکیم میں شامل ہیں تو 7، 8 تاریخوں میں بغیر کوشش کے معلوم ہوجائے کہ رقم کہاں سے مل سکتی ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں زہرہ قران مشتری قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 10 تا 15 نومبر ظاہر ہونگے۔ یہ ہفتہ آپ کے لیے مبارک ثابت ہوسکتا ہے۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ لیکن مصروفیات زیادہ ہوجائینگی۔ کچھ لوگ آپ کے خلاف چہ مگوئیاں کر رہے ہیں۔ اپنے دشمنوں سے خبردار رہیں۔ مطلبی دوستوں پر نظر رکھیں ایک شخص آپ سے پیار کا ناٹک کرکے آپ کو بیوقوف بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ مالی معاملات بہتر ہونگے جسکی وجہ سے زندگی معمول پر آجائیگی۔

(17 تا 25) اس ہفتہ اگر مالی مشکلات سے واسطہ پڑا تو 23,24 کے دوران پڑے گا تمام قانونی اور آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ وہ افراد جن کا ذاتی کاروبار ہے یا جو شراکت میں کام کرتے ہیں انہیں اس وقت ٹیکس کے معاملات کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہوگا۔ اگر کاروباری لین دین یا خرید و فروخت میں ملوث ہیں تو جلد بازی میں کوئی فیصلہ ہرگز نہ کریں اور پرانی چیزوں کے لین دین میں تو خاص طور پر محتاط رہیں گے۔

(26 تا 31) ہمت حوصلہ سے کام لیں یہی چیز مستقبل میں آپ کے کام آئے گی۔ مستقبل میں ترقی کے لئے منصوبہ بنیادیں رکھنے کیلئے بہت کچھ کرسکتے ہیں اس وقت صبر و تحمل اور ثابت قدمی سے کام لیں۔ مالی معاملات کے لحاظ سے یہ ہفتہ موافق ثابت ہوں گے۔ جس سے غیر متوقع فائدے کی نشاندہی ہو رہی ہے اس کے علاوہ ہفتہ بھی مالی معاملات طے کرنے یا موجودہ کاروباری اور مالی سرگرمیوں کو وسعت دینے یا نیا کاروبار شروع کرنے کیلئے موافق ثابت ہوگا۔ دور دراز سے خوشی کی خبر مل سکتی ہے

خالد بک ڈپو، مسلم بازار گجرات 0333-8443093
ادارہ روحانیات

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) اس ہفتہ ایسا وقت ہے کہ اگر تعلقات میں در پردہ تناؤ اور رنجشیں ہیں تو تمام باتیں شریک زندگی پر واضح کر دیں۔ گرما گرم بحث تو ہو گی مگر حالات بہتر ہو جائیں گے اور عورتوں کے لیے خاص طور پر موافق ثابت ہو گا۔ اس ہفتہ مدد اور سعادت حاصل رہے گی۔ اگر کہیں سے روپیہ وصول کرنا ہے تو تاخیر کیلئے تیار رہیں قریب قریب خصوصی طور پر محتاط رہیں اگر جلد بازی کی تو مشکل میں پھنس جائیں گے۔ اس ہفتہ کام کا دباؤ بڑھ جانے کا امکان ہے۔

(9 تا 16) ان ایام میں اگر اس دباؤ کا پوری طرح مقابلہ کیا تو بے حد مفید نتائج برآمد ہونگے۔ اگر موزوں ملازمت کی تلاش ہے تو 10 تا 14 تک کا وقت مقصد کے لیے بہت موافق ثابت ہو گا لیکن یاد رکھئے کہ بہترین نتائج حاصل کرنے کے لئے بھرپور کوشش لازمی ہے۔ آپ کے برج کا حاکم معاملات اور صورتحال میں مشکلات لائے گا اگر کسی صنعتی تنازعے یا جھگڑے میں پھنس گئے تو اس سے باآسانی چھٹکارا نہیں ملے گا۔ اعصابی کمزوری ہو سکتی ہے۔ اپنا رویہ درست رکھیں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ مالی فوائد ملنے کا امکان ہے۔ لیکن حاصل ہونے والی رقم کا انعامی اسکیموں یا فضولیات میں ضائع نہ کریں۔ نئی عمارت کی تعمیر یا جائیداد کی خرید و فائدہ مند ثابت ہو گی۔ کام کی زیادتی کی وجہ سے تھکن کا احساس زیادہ ہو گا۔ گرم اشیاء کے استعمال پر توجہ دیں۔ موسم کے مطابق غذاء کا استعمال کریں۔ اگر احتیاط نہ کی تو لمبے عرصے تک مرض سے آپ کی جنگ رہے گی۔ دل و دماغ کو صاف کر لیں۔ روحانیت کی طرف دل کو لائیں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ عدالتی امور بہتر طور سے انجام پائیں گے۔ لین دین کے معاملہ میں کوئی بھول نہ کریں بات بات پر جذبات میں نہ آئیں۔ آپ کی یہ عادت کسی دوست کے دل میں آپ کی جانب سے بے اعتمادی پیدا کر سکتی ہے۔ اس ہفتہ خوشخبری کی اُمید مل سکتی ہے ارادوں میں قوت پیدا ہو گی۔ بہتر ہے کہ اپنے کچھ ضروری کام نبٹانے کی کوشش کریں کیونکہ آئندہ ہفتہ اچھی خبریں نہ ملنے کا امکان ہے۔ صدقات دیں تاکہ بلائیں ٹلیں۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

(یکم تا 8) کسی تنظیم سے منسلک افراد آپ کے لئے فائدہ کا باعث بنیں گے۔ اس ہفتہ کی 5،6 تاریخ کو مصروفیات میں اضافہ ہو گا۔ کسی پسندیدہ منصوبہ پر عمل کر سکیں گے گھریلو امور میں مصروفیات بڑھیں۔ مہمانوں کی آمد و رفت کا امکان ہے روزمرہ کے مشاغل میں مصروفیات بڑھیں گی شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں قانونی مسائل آپ کے حق میں کچھ زیادہ حوصلہ افزا نہیں ہیں۔ لہذا حتی الامکان ایسے مسائل میں الجھنے سے گریز کریں۔

(9 تا 16) ان ایام میں ہر قسم کی تخلیقی سرگرمیوں، فلسفیانہ نظریات سے بخوبی آگاہ ہونے کا وقت ہے۔ حتی الامکان ایسے مسائل میں الجھنے سے گریز کریں۔ پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہو سکے گا ماتحت عملے کا تعاون حاصل ہو گا۔ لڑائی جھگڑا ختم کریں اور طبیعت میں صلح کا مزاج شامل کر لیں۔ ورنہ پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہو سکے گا ماتحت عملے کا تعاون حاصل ہو گا۔ اپنے برج کے مطابق صدقہ دینے کا اہتمام کریں کیونکہ صدقہ دینے سے مصیبت ٹل جائے گی۔ ایک بھائی نما دوست انتہائی دُکھ دیگا۔

